https://dailybalochistanobserverquetta.com.pk/

dailybalochistanobserver@gmail.com

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ABC Certified | کوئٹہ سے شائع ہونیوالا بلوچستان کا کثیر الاشاعت روزنامہ

روزنامہ Daily BALOCHISTAN OBSERVER Quetta کوئٹہ

بلوچستان آبزرور

چیف ایڈیٹر نثار احمد

جلد 19 | جمعرات 6 اگست 2026ء | 22 صفر 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 120

ڈسکوز نجکاری کے مراحل طے شدہ قواعد منافع بخش انداز میں مکمل کیے جائیں

شہباز شریف

بجلی کی ترسیلی کمپنیز کی نجکاری میں عالمی معیار کے سرمایہ کاروں کی شمولیت یقینی بنانے کیلئے موثر اور جامع حکمت عملی اختیار کی جائے

نجکاری کے عمل میں سرمایہ کاروں کی شمولیت کیلئے اندرون و بیرون ملک کیے جانے والے کامیاب روڈ شوز باعث اطمینان ہیں' وزیراعظم کا کا اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ہدایت کی ہے کہ نجکاری کے مراحل میں بہترین پیشہ ورانہ استعداد کے حامل کنسلٹنٹ کی تجاویز کو یقینی بنایا جائے، بجلی کی ترسیلی کمپنیز کی نجکاری میں عالمی معیار کے سرمایہ کاروں کی شمولیت یقینی بنانے کیلئے موثر اور جامع حکمت عملی اختیار کی جائے، نجکاری کے عمل میں سرمایہ کاروں کی شمولیت کیلئے اندرون و بیرون ملک کیے جانے والے کامیاب روڈ شوز باعث اطمینان ہیں، ڈسکوز کی نجکاری کے تمام مراحل مقررہ مدت میں طے شدہ قواعد اور بہترین حکمت عملی کے مطابق منافع بخش انداز میں مکمل کیے جائیں۔ بدھ کو وزیراعظم کی زیر صدارت بجلی کی تقسیم کار کمپنیز کی نجکاری اور نجکاری کمیشن کی ادارہ جاتی تنظیم نو کی پیش رفت پر جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ (بقیہ 2 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد؛ وزیراعظم شہباز شریف سے جاپان کا تجارتی وفد ملاقات کر رہا ہے

پاکستان اور بلوچستان کے عوام اپنے کشمیری بہن بھائیوں کو کبھی تنہا نہیں چھوڑیں گے' سرفراز بگٹی

عالمی برادری مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا مؤثر نوٹس لے' وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے یوم استحصال کشمیر کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ وہ اپنی جانب سے اور اہلِ بلوچستان کی طرف سے مقبوضہ (بقیہ 3 صفحہ 3 پر)

اسحاق ڈار کی مصری وزیر خارجہ ڈاکٹر بدر عبدالعاطی سے ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار نے عمان میں یروشلم سے متعلق وزارتی اجلاس کے (بقیہ 5 صفحہ 3 پر)

وزیراعظم کے دورہ سعودی عرب کا شیڈول طے، (آج) شام روانہ ہونگے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف کے دورہ سعودی عرب کا شیڈول طے پا گیا۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم (بقیہ 6 صفحہ 3 پر)

وفاقی حکومت نے سرکاری ملازمین کے 2 ایڈہاک الاونسز منجمد کر دیئے

نئے اور پرانے ملازمین کیلئے 2023ء اور 2024ء والے ایڈہاک ریلیف الاونسز کی شرح مقرر کردی گئی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے سرکاری ملازمین کے 2 ایڈہاک الاونسز منجمد کر دیے، نئے اور پرانے ملازمین کیلئے 2023ء اور 2024ء والے ایڈہاک ریلیف الاؤنسز کی شرح مقرر کردی گئی۔ وزارت خزانہ کے مطابق ایڈہاک ریلیف الاونس (بقیہ 4 صفحہ 3 پر)

خطے میں کشیدگی روکنے کیلئے مذاکرات، سفارتکاری ناگزیر ہے، آر 4 گروپ وزرائے خارجہ

فلسطینی مسئلے کا منصفانہ، جامع اور مستقل حل مشرق وسطیٰ میں پائیدار امن اور استحکام کے حصول کیلئے لازمی ہے

پاکستان، سعودی عرب، ترکیہ اور مصر کے وزرائے خارجہ کا اجلاس عمان میں ہوا، جہاں خطے کی صورتحال کا جائزہ لیا گیا، دفتر خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان، سعودی عرب، ترکیہ اور مصر پر مشتمل آر فور گروپ کے وزرائے خارجہ نے خطے کی صورت حال کے حوالے سے زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ کشیدگی میں مزید اضافہ روکنے کیلئے مذاکرات اور سفارت کاری ناگزیر ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کی جانب سے جاری بیان میں بتایا گیا کہ عمان میں مصر، پاکستان، سعودی عرب اور ترکیے پر مشتمل آر 4- گروپ کے وزرائے خارجہ کا اجلاس ہوا جہاں (بقیہ 1 صفحہ 3 پر)

امریکا ایران عمان کا 60 روزہ عارضی معاہدہ

آبنائے ہرمز کھولنے فیس عائد نہ کرنے بارودی سرنگیں ہٹانے پر اتفاق

معاہدے کے تحت خلیج کی طرف جانے والے تمام بحری جہاز آبنائے ہرمز سے گزرنے کیلئے ایرانی پانیوں سے گزرنے والا شمالی راستہ اختیار کریں گے، آبنائے ہرمز سے نکل کر بحیرہ عرب کی طرف جانے والے جہاز ایران کے ساتھ رابطہ کاری کے تحت عمانی پانیوں سے جنوبی راستہ اختیار کریں گے

مستقل معاہدے پر بات چیت کے دوران آبنائے کے مرکزی راستے کو آنے اور جانے والے بحری جہازوں کیلئے استعمال کیا جائے گا' معاہدے میں 60 دن کے دوران آبنائے ہرمز سے گزرنے پر کسی قسم کی فیس عائد نہ کرنے کی شرط شامل ہے، غیر ملکی میڈیا

واشنگٹن (این این آئی) امریکا، ایران اور عمان آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولنے کیلئے 60 روزہ عارضی معاہدے کے قریب پہنچ گئے۔ غیر ملکی خبررساں ادارے کے مطابق معاہدے میں عمان، ایران کے درمیان آبنائے ہرمز کیلئے 60 روزہ عارضی انتظام شامل ہے، جس میں توسیع کی جا سکتی ہے۔ معاہدے کے تحت خلیج کی طرف جانے والے تمام بحری جہاز آبنائے ہرمز سے گزرنے کیلئے ایرانی پانیوں سے گزرنے والا شمالی راستہ اختیار کریں گے، آبنائے ہرمز سے نکل کر بحیرہ عرب کی طرف جانے والے جہاز ایران کے ساتھ رابطہ کاری کے تحت عمانی پانیوں سے جنوبی راستہ اختیار کریں گے۔ معاہدے میں 60 دن کے دوران آبنائے ہرمز سے گزرنے پر کسی قسم کی فیس عائد نہ کرنے کی شرط شامل ہے۔ معاہدے میں فریقین 30 دن کے اندر آبنائے ہرمز کے مرکزی راستے سے بارودی سرنگیں ہٹانے کیلئے کام کریں گے۔ مستقل معاہدے پر بات چیت کے (بقیہ 8 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان سے آل پارٹیز موسیٰ خیل کے ایک اعلیٰ سطحی نمائندہ وفد کی ملاقات

حکومت کی اولین ترجیح بلوچستان کے پسماندہ اضلاع کو قومی ترقی کے دھارے میں شامل کرنا ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان و چیف آف بگٹی میر سرفراز بگٹی سے آل پارٹیز موسیٰ خیل کے ایک اعلیٰ سطحی نمائندہ وفد نے چیف آف غرشین سردار سید اسد زمان غرشین کی قیادت میں ملاقات کی۔ وفد میں سابق ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی سردار بابر خان موسیٰ خیل، سابق صوبائی وزیر مولانا غلام سرور، یونین کونسل اندرپڑ اور یونین کونسل راڑشم کے نمائندوں سمیت (بقیہ 7 صفحہ 3 پر)

ایران اور عمان آبنائے ہرمز میں جہاز رانی کے راستے کی جغرافیائی حدود پر متفق

ایران اور عمان معاہدے کے مشترکہ اعلامیے کی تیاریاں کر رہے، یہ اسی صورت ممکن، جب کوئی تیسرا فریق اس میں مداخلت نہ کرے، ترجمان ایرانی وزارت خارجہ

تہران (این این آئی) ایران اور عمان آبنائے ہرمز میں جہاز رانی کے راستے کی جغرافیائی حدود پر متفق ہوگئے ہیں۔ ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ ایران اور عمان معاہدے کے مشترکہ اعلامیے کی تیاریاں کر رہے ہیں، تاہم یہ اسی صورت ممکن ہے، جب کوئی تیسرا فریق اس میں مداخلت نہ کرے۔ ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان نے کہا کہ ایرانی حکام پاکستان اور قطر میں اس معاملے میں اپنے ہم منصبوں کے ساتھ (بقیہ 9 صفحہ 3 پر)

بلوچستان اسمبلی نے بلوچستان سیف سٹیز اتھارٹی کا مسودہ قانون مصدرہ 2026 منظور کرلیا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی نے بلوچستان سیف سٹیز اتھارٹی کا مسودہ قانون مصدرہ 2026 منظور کرلیا۔ بدھ کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے بلوچستان سیف سٹیز اتھارٹی آرڈیننس 2026 کو آئین کے آرٹیکل (بقیہ 10 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سردار حق نواز خان بزدار کی قیادت میں موسیٰ خیل کے بزدار عمائدین کا وفد ملاقات کر رہے ہیں

کشمیری عوام کی جدوجہد کو بھرپور انداز میں اجاگر کیا جائیگا' سرفراز بگٹی

آرٹیکل 370 مقبوضہ جموں و کشمیر کو خصوصی آئینی حیثیت، اپنا آئین، اپنا پرچم اور داخلی خودمختاری فراہم کرتا تھا جبکہ آرٹیکل 35 (A) ریاست کے مستقل باشندوں کو سرکاری ملازمت، جائیداد اور سکونت کے خصوصی حقوق دیتا تھا

غیر کشمیری افراد کو زمینوں کی خریداری اور سرکاری ملازمتوں تک رسائی دے کر بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی کی جارہی ہے' وزیراعلیٰ بلوچستان نے صوبائی اسمبلی میں مقبوضہ جموں و کشمیر کی صورتحال اور بھارت کے 5 اگست 2019 کے یکطرفہ اقدامات کے خلاف مشترکہ مذمتی قرارداد پیش کی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے یوم استحصالِ کشمیر کے موقع پر بلوچستان صوبائی اسمبلی میں مقبوضہ جموں و کشمیر کی صورتحال اور بھارت کے 5 اگست 2019 کے یکطرفہ اقدامات کے خلاف مشترکہ مذمتی قرارداد پیش کی، جسے ایوان نے متفقہ طور پر منظور کر لیا قرارداد وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی، صوبائی وزراء میر محمد صادق عمرانی، میر ظہور احمد بلیدی، میر شعیب نوشیروانی، فیصل خان جمالی اور پارلیمانی (بقیہ 13 صفحہ 3 پر)

روس کی کیف پر میزائلوں اور ڈرونز کی بارش، 21 افراد ہلاک، درجنوں زخمی

روس نے حملوں کے دوران 24 بیلسٹک میزائل، چار اینٹی شپ میزائل اور 115 ڈرون داغے، یوکرینی فضائیہ

کیف (این این آئی) روس نے یوکرین کے دارالحکومت کیف اور اس کے نواحی علاقوں پر بیلسٹک میزائلوں اور ڈرونز سے بڑے پیمانے پر حملے کیے، جن میں (بقیہ 11 صفحہ 3 پر)

امریکا نے پاسداران انقلاب سے منسلک تین اداروں پر عائد پابندیاں ختم کردیں

واشنگٹن (این این آئی) امریکا نے ایران کے پاسداران انقلاب سے مبینہ طور پر منسلک تین اداروں پر عائد پابندیاں ختم کر دی ہیں، جس کی تصدیق امریکی وزارت خزانہ نے کردی۔

پاکستان، جموں و کشمیر کے عوام کے حقِ خودارادیت کے حصول کیلئے منصفانہ جدوجہد کی حمایت جاری رکھے گا، دفتر خارجہ

پاکستان، جموں و کشمیر کے عوام کی حقِ خودارادیت کے حصول کیلئے جاری منصفانہ جدوجہد کی غیر متزلزل حمایت جاری رکھے گا، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے بھارت کے 5 اگست 2019 کے غیر قانونی اور یکطرفہ اقدامات کے سات برس مکمل ہونے کے موقع پر کہا ہے کہ ان اقدامات کا مقصد بھارت کے غیر قانونی زیر تسلط جموں و کشمیر کی بین الاقوامی طور پر تسلیم شدہ متنازعہ حیثیت کو تبدیل کرنا تھا۔ دفتر خارجہ کے ترجمان کی جانب سے جاری بیان کے مطابق پاکستان نے یوم (بقیہ 14 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان سے کشمیر آل پارٹیز حریت کانفرنس کے رہنما حسن بنا نے کی ملاقات

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے کشمیر آل پارٹیز حریت کانفرنس کے رہنما حسن بنا نے یہاں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران مقبوضہ جموں و کشمیر کی تازہ (بقیہ 15 صفحہ 3 پر)

احسن اقبال کی زیرِ صدارت سی پیک جائزہ کمیٹی کا 91 واں اجلاس

چینی کمپنی کے ساتھ مشترکہ اجلاس منعقد کر کے تکنیکی مسائل کا فوری حل نکالا جائے، اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے سی پیک جائزہ کمیٹی کے 91 واں اجلاس میں اہم منصوبوں پر عملدرآمد میں تیزی لانے کی ہدایت کی ہے۔ وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات (بقیہ 16 صفحہ 3 پر)

بلوچستان آسمبلی نے بلوچستان سیف سٹیز اتھارٹی کا مسودہ قانون مصدرہ 2026 منظور کرلیا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان آسمبلی نے بلوچستان سیف سٹیز اتھارٹی کا مسودہ قانون مصدرہ 2026 منظور کرلیا۔ بدھ کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے بلوچستان سیف سٹیز اتھارٹی آرڈیننس 2026 کو آئین کے آرٹیکل (بقیہ 10 صفحہ 3 پر)

بلال سرور کوالٹی ایشورنس کے طریقوں کو مزید مستحکم کرنے کیلئے جدید علاوہ جلد آئیں گے' جعفر مندوخیل

پروفیسر ڈاکٹر بلال سرور کا ہیوبرٹ ایچ ہمفری فیلوشپ پروگرام 2026-2027 کیلئے ان کا انتخاب خوش آئند ہے

گورنر بلوچستان سے بیوٹمز یونیورسٹی کے ڈائریکٹر کوالٹی انہانسمنٹ اینڈ ایکریڈیشن ڈاکٹر بلال سرور کی ملاقات

کوئٹہ (این این آئی) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے بیوٹمز یونیورسٹی کے ڈائریکٹر کوالٹی انہانسمنٹ اینڈ ایکریڈیشن (QE&A) ڈاکٹر بلال سرور نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں ملاقات کی۔ گورنر جعفر خان مندوخیل نے پروفیسر ڈاکٹر بلال سرور کو اپنی ادارہ جاتی عمدہ کارکردگی پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ ہیوبرٹ ایچ ہمفری فیلوشپ پروگرام 2026-2027 کیلئے ان کا انتخاب خوش آئند ہے۔ (بقیہ 12 صفحہ 3 پر)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے بیوٹمز یونیورسٹی کے یو ایس ڈی پارٹمنٹ آف اسٹیٹ کی ہیومفری فیلوشپ کے لئے منتخب پروفیسر ڈاکٹر بلال سرور ملاقات کر رہے ہیں

ایران امریکا جنگ میں ٹھہرا کی خبروں پر پی ایس ایکس میں تیزی

کراچی (این این آئی) ایران امریکا جنگ میں ٹھہرا کی خبروں پر پاکستان (بقیہ 29 صفحہ 3 پر)

خضدار میں اسماء جتک نامی خاتون کے والد کے قتل پر اراکین اسمبلی کا شدید احتجاج

اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری، صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک سمیت دیگر کا واک آؤٹ، اسپیکر نے قاتلوں کی گرفتاری کیلئے دو دن کی مہلت دے دی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے ضلع خضدار میں اسماء جتک نامی خاتون کے والد کے قتل پر اراکین اسمبلی کا شدید احتجاج، اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری، صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک سمیت دیگر کا واک آؤٹ، اسپیکر نے قاتلوں کی گرفتاری کیلئے دو دن کی مہلت دے دی۔ بدھ کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں جمعیت علماء اسلام کے رکن میر زابد علی ریکی نے پوائنٹ آف (بقیہ 27 صفحہ 3 پر)

ریڈ زون شاہراہوں کی بندش سے کوئٹہ میں ٹریفک کا نظام مفلوج

اہم شخصیات کی سیکیورٹی کیلئے لاکھوں شہریوں کی روزمرہ زندگی کو مفلوج کرنا مناسب نہیں' شہری

کوئٹہ (این این آئی) سیکیورٹی ہائی الرٹ کے باعث ریڈ زون جانے والے تمام راستوں کو ٹرکوں اور کنٹینرز لگا کر بند کر دیا گیا، جبکہ انسکیپ روڈ ریڈ زون، سبزل روڈ اور بروری روڈ کو ملانے والی سڑک، جہاں جامعہ بلوچستان کا سب کیمپس واقع ہے، بھی مکمل طور پر بند رہی۔ سڑکوں کی بندش کے باعث شہر میں ٹریفک کا نظام بری طرح متاثر ہوا اور مختلف شاہراہوں پر (بقیہ 28 صفحہ 3 پر)

وفاقی ملازمتوں میں بلوچستان کے کوٹہ پر شفاف عملدرآمد کیا جائے

بدنام زمانہ فورتھ شیڈول ختم کر کے سیاسی اور سماجی کارکنوں کو حراساں کر کے ان کی زندگی اجیرن کرنے کا عمل ختم کیا جائے

وفاقی ملازمتوں میں بلوچستان کے کوٹہ پر شفاف عملدرامد کیا جاہے ساحل اور وسائل پر بلوچستان کے عوام کی حق حاکیت تسلیم کی جائے' تقریب سے خطاب

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے زیر اہتمام پریس کلب کوئٹہ میں عظیم الشان گرینڈ شمولیتی پروگرام منعقد ہوا جس میں پنجگور سے تعلق رکھنے والے پیپلز پارٹی مکران ڈویژن کے جنرل سیکریٹری آغا شاہ حسین، بی این پی مینگل کے نائب صدر عبدالمجید، سابقہ رابطہ کمیٹی کے رکن شیر احمد رند، بی این پی مینگل کے پنجگور سے سابقہ امیدوار داد محمد، بی این پی عوامی کے ڈپٹی جنرل سیکریٹری عبدالوحید، پاکستان پیپلز پارٹی کے سعید اللہ، بی این پی عوامی سے حاجی ارشاد، اقبال غلام جان، شعیب احمد، علی بخش، محبت خان، مرزا جمیل احمد، شبیر احمد ڈاکٹر محمد حنیف، اور سمیع اللہ (بقیہ 19 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے کشمیر آل پارٹیز حریف کانفرنس کے رہنماء حسن بناء ملاقات کر رہے ہیں

کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے، جس سے کسی بھی صورت دستبردار نہیں ہونگے' نعیم کریم

کوئٹہ (این این آئی) پرائم منسٹر یوتھ پروگرام کے فوکل پرسن و مسلم لیگ (ن) کے مرکزی سینئر رہنما چوہدری نعیم کریم نے (بقیہ 20 صفحہ 3 پر)

پاکستان اور ڈنمارک گرین انرجی منتقلی کے فروغ کے لئے سٹریٹجک سیکٹر کوآپریشن پروگرام کا آغاز

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور ڈنمارک نے سٹریٹجک سیکٹر کوآپریشن (ایس ایس سی) پروگرام کے آغاز کے لئے (بقیہ 21 صفحہ 3 پر)

سرکاری و نجی طبی اداروں میں میڈیا نمائندوں کے غیر مجاز داخلے پر پابندی کا سرکلر جاری

خلاف ورزی کی صورت میں متعلقہ قوانین کے تحت کارروائی عمل میں لائی جائے گی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان ہیلتھ کیئر کمیشن کہ جانب سے جاری (بقیہ 24 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نیشنل پارٹی پنجگور کے سیاسی و سماجی شخصیات حسین شاہ بلوچ اور دیگر نیشنل پارٹی زیر اہتمام شمولیت کے موقع پر خطاب کر رہے ہیں

خیر پور میں لیتھیم کی دریافت محض ایک معدنی کامیابی نہیں' عبدالقادر

پاکستان کیلئے معاشی خودمختاری، صنعتی تنوع اور برآمدی صلاحیت میں اضافے کا ایک نادر موقع ہے

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ خیر پور، سندھ میں اعلیٰ معیار کے لیتھیم کے ذخائر کی دریافت پاکستان کی (بقیہ 18 صفحہ 3 پر)

عوامی جمہوری اسلامی کا 7 اگست کی ہڑتال کو کامیاب بنانے کیلئے صوبے بھر میں مشاورتی اجلاس

ہر ضلع میں مقامی قیادت، ٹرانسپورٹرز اور تاجر تنظیموں کے تعاون سے ہڑتال کو منظم اور پرامن بنایا جائے گا

مختلف اضلاع و شاہراہوں پر ذمہ داریاں تقسیم کر دی گئی ہیں، مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ پٹرولیم مصنوعات پر بھتہ خوری، بدامنی، بدعنوانی، بارڈرز کی بندش، لاپتہ افراد کی عدم بازیابی، فورسز کے نامناسب رویے، شاہراہوں پر بڑھتی ہوئی لوٹ مار اور عوام کو درپیش دیگر سنگین مسائل کے خلاف 7 اگست کی قومی پہیہ جام ہڑتال عوام کے حقوق کی جدوجہد ہے۔ اس قومی ہڑتال میں ٹرک و بس ایسوسی (بقیہ 23 صفحہ 3 پر)

پاکستان اور ایران کے درمیان تجارت کو مزید فروغ دینے کیلئے ہر ممکن کوششوں کا سلسلہ جاری رکھا جائیگا' محمد اتابک

دونوں برادر اسلامی ممالک کے درمیان تجارت کو مزید فروغ دینے کے لئے ہر ممکن کوششوں کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا

اسلام آباد/کوئٹہ (این این آئی) پاکستان اور ایران نے دوطرفہ تجارت کی راہ میں حائل رکاوٹوں کے خاتمہ کے لئے دوطرفہ اقدامات کو وقت کی اہم ضرورت قرار دیتے (بقیہ 25 صفحہ 3 پر)

چمن اور لکی مروت میں دستی بم حملوں میں 3 افراد جاں بحق

بلوچستان کے ضلع چمن میں قومی شاہراہ کی تعمیر پر مامور مزدوروں پر نامعلوم افراد نے دستی بم حملہ کر دیا

لکی مروت کے علاقے بہرام خیل میں ایک گھر کے اندر دستی بم پھٹنے سے رشید، اس کی بھابھی اور کمسن بھتیجا جاں بحق، 3 بچے زخمی

چمن، لکی مروت (این این آئی) بلوچستان کے ضلع چمن اور خیبر پختونخوا کے ضلع لکی مروت میں الگ الگ دستی بم حملوں کے نتیجے میں مجموعی طور پر 4 افراد جاں بحق اور 7 افراد زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق لکی مروت کے علاقے بہرام خیل میں ایک گھر کے اندر دستی بم پھٹنے سے رشید نامی شخص، اس کی بھابھی اور کمسن بھتیجا جاں بحق اور 3 بچے زخمی ہوئے۔ زخمیوں کو طبی امداد کیلئے ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق واقعے (بقیہ 30 صفحہ 3 پر)

بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں نابینا عمران خان سیاسی سیٹیں کو ہالیا جائے' زیارتوال

8 فروری 2024 کے انتخابات میں عوام نے عمران خان کی پارٹی کو بھاری مینڈیٹ دیا جسے ریاستی زرورور کی بنیاد پر چھینا گیا

سیاسی عدم استحکام نہ ہونے کی وجہ سے ملک کے بحران گہرے ہوتے جارہے ہیں' ساجد ترین ایڈووکیٹ، جہانگیر رند و دیگر کا کوئٹہ میں احتجاجی جلسے سے خطاب

کوئٹہ (این این آئی) تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ، پشتونخوامیپ کے چیئرمین قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی کی کال پر پاکستان تحریک انصاف کے بانی عمران خان کو قید کے 3 سال مکمل ہونے پر ملک کے تمام ہیڈ کوارٹرز میں احتجاجی ریلیوں، مظاہروں کا انعقاد کیا گیا۔ جبکہ صوبے کی مرکزی ریلی کوئٹہ میں پشتونخوامیپ کے مرکزی سیکرٹریٹ کلب روڈ سے نکالی گئی۔ ریلی کی قیادت تحریک تحفظ (بقیہ 17 صفحہ 3 پر)

کشمیری عوام گزشتہ کئی دہائیوں سے اپنے بنیادی حق خودارادیت کے حصول کیلئے بے مثال قربانیاں دے رہے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے یوم استحصالِ کشمیر کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ 5 اگست 2019ء بھارتی تاریخ کا ایک (بقیہ 22 صفحہ 3 پر)

وفاقی ملازمتوں میں بلوچستان کے کوٹہ پر شفاف عملدرآمد کیا جائے

بدنام زمانہ فورتھ شیڈول ختم کر کے سیاسی اور سماجی کارکنوں کو حراساں کر کے ان کی زندگی اجیرن کرنے کا عمل ختم کیا جائے

وفاقی ملازمتوں میں بلوچستان کے کوٹہ پر شفاف عملدرامد کیا جاہے ساحل اور وسائل پر بلوچستان کے عوام کی حق حاکیت تسلیم کی جائے' تقریب سے خطاب

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے زیر اہتمام پریس کلب کوئٹہ میں عظیم الشان گرینڈ شمولیتی پروگرام منعقد ہوا جس میں پنجگور سے تعلق رکھنے والے پیپلز پارٹی مکران ڈویژن کے جنرل سیکریٹری آغا شاہ حسین، بی این پی مینگل کے نائب صدر عبدالمجید، سابقہ رابطہ کمیٹی کے رکن شیر احمد رند، بی این پی مینگل کے پنجگور سے سابقہ امیدوار داد محمد، بی این پی عوامی کے ڈپٹی جنرل سیکریٹری عبدالوحید، پاکستان پیپلز پارٹی کے سعید اللہ، بی این پی عوامی سے حاجی ارشاد، اقبال غلام جان، شعیب احمد، علی بخش، محبت خان، مرزا جمیل احمد، شبیر احمد ڈاکٹر محمد حنیف، اور سمیع اللہ (بقیہ 19 صفحہ 3 پر)

پاکستان پیپلز پارٹی وفاق اور بعض صوبوں میں پاکستان مسلم لیگ (ن) کے ساتھ حکومتی اتحاد کا حصہ ہے' سردار کھیتران

عوام کا اعتماد محض نعروں سے نہیں بلکہ مسلسل کارکردگی، خدمت اور عوامی مسائل کے حل سے حاصل ہوتا ہے

کوئٹہ+ برمنگھم (این این آئی) سابق صوبائی وزیر بلوچستان سردار عبدالرحمٰن کھیتران نے برطانیہ کے شہر برمنگھم میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے آزاد جموں و کشمیر کے انتخابات میں پاکستان مسلم لیگ (ن) کی شاندار کامیابی پر پارٹی قیادت، نومنتخب نمائندوں اور کارکنوں کو دلی مبارکباد پیش کی۔ انہوں نے کہا کہ انہیں اس بات پر فخر ہے کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) نے عوامی اعتماد حاصل کرتے ہوئے آزاد کشمیر میں واضح اکثریت سے کامیابی حاصل کی، (بقیہ 33 صفحہ 3 پر)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے مسلم لیگ ن کوئٹہ کے صدر سحر گل خان خلجی کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

پاکستان اور جاپان کے ترقیاتی تعاون کو مزید وسعت دینے پر اتفاق

برآمدات پر مبنی معیشت ہی پائیدار اقتصادی ترقی کی ضامن ہے۔ پاکستان کو ماضی میں کم برآمدات اور درآمدات پر انحصار کے باعث ساختی معاشی چیلنجز کا سامنا رہا

اسلام آباد (این این آئی) جاپان انٹرنیشنل کوآپریشن ایجنسی (جائیکا) کے صدر ڈاکٹر تناکا آکی ہیکو نے وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال سے وزارت منصوبہ بندی میں ملاقات کی جس میں پاکستان اور جاپان کے درمیان ترقیاتی تعاون کو مزید فروغ دینے اور بنیادی ڈھانچے، انسانی وسائل کی ترقی، ڈیجیٹل تبدیلی، سیاحت اور پائیدار اقتصادی نمو سمیت مختلف شعبوں میں (بقیہ 32 صفحہ 3 پر)

ضمنی بلدیاتی انتخابات 09 اگست کو منعقد ہو رہے ہیں، تمام انتظامات مکمل

کیپوٹی انتظامات کے تحت 05 پولنگ اسٹیشنز کو انتہائی حساس، 10 کو حساس جبکہ 02 پولنگ اسٹیشنز کو نارمل قرار دیا گیا ہے

کوئٹہ (این این آئی) صوبہ بلوچستان کے 6 اضلاع میں مختلف میونسپل (بقیہ 26 صفحہ 3 پر)

اساتذہ اور ملازمین کی جولائی 2026 کی تنخواہوں اور پنشن کی ادائیگی کیلئے فنڈز جاری

رقم کی ادائیگی مالیاتی قواعد، قانونی تقاضوں اور گرانٹ ان ایڈ رولز 2022 کے مطابق کی جائے اور اس امر کو یقینی بنایا جائے

کوئٹہ (این این آئی) حکومت بلوچستان نے سرکاری جامعات کے اساتذہ اور ملازمین کی جولائی 2026 کی تنخواہوں اور پنشن کی ادائیگی کیلئے 49 کروڑ 59 لاکھ 29 ہزار 965 روپے جاری کر دیے۔ محکمہ خزانہ بلوچستان کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق صوبے کی سرکاری جامعات اور ان کے ذیلی کیمپسز میں جولائی 2026 کی تنخواہیں اور پنشن ادائیگی کیلئے 495.929 ملین روپے جاری کر دیئے گئے ہیں۔ نوٹیفکیشن کے مطابق جامعہ بلوچستان (بقیہ 31 صفحہ 3 پر)

روزنامہ Daily BALOCHISTAN Observer Quetta

بلوچستان آبزرور کوئٹہ

پبلشر نثار احمد نے الکریم پرنٹنگ پریس سریاب پھاٹک بلمقابل سیلانی ویلفیئر سریاب روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ بلوچستان آبزرور فلیٹ #2 یونیورسل کمپلیکس سیکنڈ فلور فیز ii جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا

کوئٹہ فون نمبر 03312634009۔ اسلام آباد بیورو چیف 03335190142

پاک ایران فری ٹریڈ ایگریمنٹ خوش آئند ہے

وفاقی وزیر برائے تجارت جام کمال خان نے کہا ہے کہ پاکستان اور ایران کے تاریخی برادرانہ تعلقات کو مضبوط معاشی شراکت داری میں تبدیل کرنا وقت کی ضرورت ہے، دو طرفہ تجارت کا حجم 10 ارب ڈالر تک بڑھائیں گے۔ وفاقی وزیر برائے تجارت ایرانی وزیر صنعت وتجارت ڈاکٹر محمد اتابک کے ساتھ 10 ویں پاکستان ایران جوائنٹ ٹریڈ کمیشن کے اجلاس کی مشترکہ صدارت کرتے ہوئے کہا کہ پاک ایران فری ٹریڈ ایگریمنٹ کو جلد حتمی شکل دی جائے گی اور دونوں ممالک کے درمیان بارٹر ٹریڈ میں بھی اضافہ کیا جائے گا۔ سرحدی لاجسٹکس، کسٹمز اور کارگو نقل وحرکت میں حائل رکاوٹوں کا خاتمہ ناگزیر ہے، مشترکہ سرحدی منڈیوں کے قیام اور الیکٹرانک ڈیٹا انٹرچینج سے دوطرفہ تجارت میں نمایاں اضافہ ہوگا۔ دونوں ممالک کا نجی شعبہ تجارت کے لیے تیار ہے، حکومتوں کی ذمہ داری سازگار اور قابلِ اعتماد کاروباری ماحول فراہم کرنا ہے۔ 10 واں جے ٹی سی اجلاس قابلِ عمل روڈ میپ مرتب کر کے اقتصادی تعاون کو نئی بلندیوں تک لے جائے گا۔ تجارتی سرگرمیوں کے لیے پاکستان اور ایران کے نجی اداروں کی حوصلہ افزائی کی جا رہی ہے، پاک ایران تجارت میں بھی اضافہ ہو رہا ہے۔ تجارت کے فروغ کے لیے سازگار ماحول کی فراہمی یقینی بنائی جا رہی ہے۔ فورم سے خطاب میں ایران کے وزیر تجارت محمد اتابک نے کہا کہ تجارت کے لئے مشترکہ راستوں کی ضرورت ہے

نظام تباہ ہو چکا ہے؟

محمد دلاور چودھری

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے ''اچانک'' بتایا ہے کہ جس نظام کے تحت ملک چلایا جا رہا ہے ''وہ تباہ ہو چکا ہے''۔ انہوں نے جو کچھ بتایا ہے اسے ''انکشاف'' اس لئے نہیں کہا جا سکتا کہ ملک میں بسنے والے لاکھوں' کروڑوں عوام اس سے پہلے ہی واقف ہیں۔ نظام کیسے خراب ہوا اور خراب ہوکر اب کیسا ہو چکا ہے اس پر دو ''دلچسپ باتیں'' یاد آ گئیں۔

نظام کیسے خراب ہوا یہ سوچتے ہوئے ملک کے مایہ ناز کامیڈین امان اللہ اور ببو برال کا ایک بہت مشہور سٹیج ڈرامہ ''شرطیہ مٹھے'' یاد آ گیا۔ خصوصاً وہ سین کہ جس میں دونوں نابینا گداگر بنے اپنے ''عالیشان گھر'' میں رشتہ کیلئے آنے والے مہمانوں کے انتظار میں آنکھوں پر کالے چشمے لگائے ''سوٹڈ بوٹڈ'' بیٹھے تھے۔ مہمانوں نے گھر کی تعریف کرتے ہوئے کہا ''یہ آپ ہی کا گھر ہے؟'' اس پر دونوں میں سے ایک نے فی الفور جواب دیا کہ ''جی ہاں..... ہے تو ہمارا ہی لیکن اس میں سارے شہر نے روپیہ' روپیہ ڈالا ہوا ہے''۔

اسی طرح ہمارا نظام ایک دم خراب نہیں ہوا بلکہ اب تک آنے والے تمام ارباب اختیار کی ''تھوڑی تھوڑی محنت'' شامل ہے۔

دوسری دلچسپ بات کہ نظام خراب ہوکر کس طرح کا ہو گیا ہے یہ سوچ کر مولانا الطاف حسین حالی کی کتاب ''یادگار غالب'' کا وہ واقعہ یاد آ گیا جو کچھ یوں ہے کہ ''ایک روز میر مہدی مجروح بیٹھے تھے اور مرزا غالب پڑے کراہ رہے تھے میر مہدی پاؤں دابنے لگے۔ مرزا نے کہا بھائی تو سیدزادہ ہے۔ مجھے کیوں گنہگار کرتا ہے؟۔ انہوں نے نہ مانا اور کہا آپ کو ایسا ہی خیال ہے تو پیر دابنے کی اجرت دے دیجئے گا۔ مرزا نے کہا اس کا مضائقہ نہیں۔ جب وہ پیر داب چکے۔ انہوں نے اجرت طلب کی۔ مرزا نے کہا بھیا کیسی اجرت؟ تم نے میرے پاؤں دابے ہیں میں نے تمہارے پیسے دابے' حساب برابر ہوا''۔

''ایبڈو'' سے لیکر ''ایف ایس ایف'' اور ''ترقی پسند سوچ'' کو گھاس پھونس کہنے تک ہم نے ایسے کئی ''یادگار کارنامے'' انجام دیئے ہیں کہ کسی پر دل کا معاملہ نہ کھلتا تب بھی ''شعروں کے انتخاب'' نے سارا بھانڈہ بیچ چوراہے پھوڑ کر رکھ چھوڑا ہے۔ آزادی حاصل کرتے ہی ہم نے ''مٹڈھ قدیم'' سے سب کچھ بنانے کی کوشش کی ہے لیکن ''نظام'' بنانے سے یوں غافل رہے ہیں جس طرح مرزا غالب ''مزدوری'' دینے سے ''بے نیاز'' ہو گئے تھے۔

ہماری زیادہ تر حکومتیں ''ڈنگ ٹپاؤ پالیسیوں'' کا بہترین نمونہ پیش کرتی رہی ہیں۔ کبھی طرز حکمرانی کی ''ڈش'' میں ''آدھا تیتر'' پیش کر دیا گیا تو کبھی اسے غلط جان کر آدھا ''بٹیر'' سجا دیا گیا۔ ہمارے پانچ سالہ منصوبے اغیار لے اُڑے اور ہمارے سامنے دیکھتے ہی دیکھتے دن دوگنی رات چوگنی ترقی کر لی۔

ایسا بھی نہیں کہ ہماری چال ہر وقت ''بے ڈھنگی'' ہی رہی ہے مشہور ماہر معاشیات ڈاکٹر عشرت حسین نے تو اپنی کتاب ''Pathway Devlopment'' میں یہاں تک لکھ دیا ہے کہ 1990ء تک ہماری اقتصادی کارکردگی بھارت اور بنگلہ دیش سے بہتر تھی۔ جس طرح ہاتھی کے پاؤں میں سب کا پاؤں ہوتا ہے اسی طرح معیشت ٹھیک تو بہت کچھ ٹھیک قرار پاتا ہے۔ ''حادثے اچانک رونما'' نہیں ہوا کرتے۔ اسی طرح ہم نے نوّے کی دہائی سے قبل بھی صنعتوں کا بیڑہ غرق کرنے تو بھی ''جمہوری تماشے'' کو عوام سے الگ رکھنے کا سلسلہ کسی نہ کسی شکل میں جاری رکھا ہوا تھا۔

فی الحال تو وزیر موصوف سے دست بستہ عرض ہے کہ وہ بھی ''مدت ہوئی ہے'' اہل اقتدار کی صفوں میں شامل ہیں پھر یوں اچانک انہیں کیا ہوا کہ نظام کی خرابی کا ''لمبا چوڑا قصیدہ'' پڑھ دیا؟۔

وہ بیشک نہ بتائیں پھر بھی اس سے انکار نہیں کہ نئے انتظامی یونٹس یا صوبے بننے چاہئیں۔ اچھی بات ہے۔ اس طرح گورننس کی ''گرفت'' زیادہ مضبوط ہوگی لیکن سوال یہ ہے کہ صرف نئے صوبے بنا دینے سے مسائل حل ہو جائیں گے!

اس پر 80ء کی دہائی میں پی ٹی وی پر چلنے والے مقبول پروگرام ''ففٹی ففٹی'' کا خاکہ یاد آ گیا جس میں پولیس گاڑیوں کی تلاشی لے رہی ہوتی ہے ایک گاڑی آتی ہے تو اس کا ڈیش بورڈ' سٹیئرنگ' ڈگی وغیرہ سب ''کھنگالا'' جاتا ہے پھر یہ پوچھ کر گاڑی کو جانے دیا جاتا ہے کہ ''کوئی اسلحہ وغیرہ تو نہیں؟'' جواب میں انکار پر جیسے ہی گاڑی آگے بڑھتی ہے اس کی چھت پر پہلی مرتبہ کیمرہ پڑتا ہے جس پر توپ لدی ہوتی ہے یعنی گاڑی اندر سے کلیئر لیکن چھت پر توپ..... اور کسی نے یہ چیک ہی نہیں کیا ہوتا ہے۔ جس طرح نئے صوبے تو ٹھیک لیکن دوسرے بڑے مسائل نظر انداز کئے جا رہے ہیں۔

ارسطو نے کہا تھا کہ اچھی گورننس کیلئے ضروری ہے کہ ملک کی ''مڈل کلاس'' اصل اختیارات سے مالا مال ہوتا کہ وہ انتہائی امارت اور خرابی کی طرف جانے والے انتہائی محروم طبقے کو اصل اختیارات سے دور رکھ کر ملک کو تباہی سے بچا سکے۔

کیا آج ہمارے معاشرے میں ''مڈل کلاس'' کا کوئی نمایاں وجود باقی رہ گیا ہے۔

گندم درآمد کرنے کا حکومتی فیصلہ

ڈاکٹر مشتاق عادل

کسی بھی فلاحی اور عوامی ریاست میں غذا کا حصول، زرعی خود کفالت اور کسان کی خوش حالی وہ بنیادی ستون ہیں جن پر ملکی معیشت کی بقا کی عمارت کھڑی ہوتی ہے لیکن المیہ یہ ہے کہ ہمارے ہاں پالیسی سازوں کی ترجیحات میں ہمیشہ طویل المدتی قومی مفاد کے بجائے وقتی اور سطحی فیصلے شامل رہے ہیں۔ حال ہی میں وفاقی حکومت کی جانب سے فوری طور پر دس لاکھ ٹن گندم درآمد کرنے کا جو فیصلہ سامنے آیا ہے وہ محض ایک انتظامی قدم نہیں ہے بلکہ یہ ہماری زراعت کش پالیسیوں، زبوں حال معیشت اور دور اندیشی سے عاری حکمرانی کا ایک ایسا نوحہ ہے جو پچھلے کئی برسوں سے دہرایا جا رہا ہے۔ حکومت کی طرف سے ملک کی ضرورت کے مطابق گندم خریدنے والے روایتی اداروں یعنی ''محکمہ خوراک'' اور ''پاسکو'' (PASSCO) کو ہی ختم کر دیا گیا ہے۔ جب آپ ریاست کے بنیادی غذائی نگہبان اداروں کو ہی ختم کر دیں گے تو گودام خالی ہوں گے، مارکیٹ میں بحران جنم لے گا اور مجبوراً بیرونی ممالک سے مہنگی گندم منگوانی پڑے گی۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ آخر یہ نوبت کیوں آئی؟ کیا زمیندار اور کسان کی چیخیں اقتدار کے ایوانوں تک نہیں پہنچی تھیں؟ حقیقت یہ ہے کہ جب آپ اپنے کسان کو اس کی محنت کا مناسب صلہ نہیں دیں گے تو زمین خود بخود بانجھ ہو جائے گی۔

کچھ عرصہ پہلے جب ملک کا زمیندار اپنی خون پسینے کی کمائی سے اگائی گئی فصل لے کر منڈیوں میں نکلا تھا تو اسے اس کی پیداوار کا مناسب معاوضہ دینے کے بجائے سستے داموں فصل بیچنے پر مجبور کیا گیا۔ کھاد، بیج، ڈیزل، بجلی اور زرعی ادویات کی قیمتیں آسمان سے باتیں کر رہی تھیں۔ کاشتکاری کی لاگت تاریخ کی بلند ترین سطح پر تھی مگر حکومتی بے توجہی اور مبینہ مافیا کی سازشوں کی وجہ سے کسان کو اس کی گندم کا وہ ریٹ نہیں ملا جو اس کا حق بنتا تھا۔ زمیندار کو جب اس کی محنت کے پیسے نہیں ملے تو اس کا حوصلہ ٹوٹ گیا۔ نتیجہ یہ نکلا کہ کسان نے اگلی فصل میں گندم کی کاشت سے ہاتھ کھینچ لیا یا کاشت کا رقبہ کم کر دیا۔ جو حکومت اپنے کسان کو ریلیف دینے میں کنجوسی کرتی ہے اسے بعد میں مہنگی درآمدات کی صورت میں اس سے کئی گنا زیادہ قیمت چکانی پڑتی ہے۔ آج وہی گندم جو ہم اپنے کسان کو مناسب دام دے کر ملک کے اندر پیدا کر سکتے تھے، اب زرمبادلہ کی شکل میں ڈالرز کے عوض باہر سے خریدیں گے۔

اس پورے منظر نامے میں ایک تلخ حقیقت یہ بھی ہے کہ اس درآمدی عمل میں کون کتنا مال بنائے گا اور کس کی تجوریاں بھریں گی، اس کا علم تو شاید وقت آنے پر معلوم ہو جائے گا مگر اس سے ہمارے قیمتی زرمبادلہ کے ذخائر کو جو ناقابل تلافی نقصان پہنچے گا اس کا خمیازہ پوری قوم کو بھگتنا پڑے گا۔ پہلے ہی ملکی معیشت آئی ایم ایف کی زنجیروں میں جکڑی ہوئی ہے اور زرمبادلہ کے ذخائر ہچکولے کھا رہے ہیں۔ ایسے نازک وقت میں اربوں روپے کی گندم درآمد کرنا قومی معیشت کا گلہ گھونٹنے کے مترادف ہے۔ اگر وقت پر حکمران ہوش کے ناخن لیتے، پاسکو اور محکمہ خوراک کو ختم کرنے کے بجائے انہیں فعال بناتے اور زمیندار کی پیداواری لاگت کو مدنظر رکھ کر اسے اس کی فصل کا منصفانہ معاوضہ دیتے تو آج ملک کو معیشت کے دونوں شعبوں زراعت اور صنعت کو تباہ کر ڈالا ہے جس کا خمیازہ آج عام پاکستانی بھگت رہا ہے۔

اس تمام بحران کے باوجود اگر حکومتی رویے کا مشاہدہ کیا جائے تو حقیقت یہ سامنے آتی ہے کہ زمینی حقائق سے منہ موڑ کر صرف اور صرف خالی اشتہار بازی اور سستی شہرت پر قومی خزانے کا بے دریغ ضیاع کیا جا رہا ہے۔ کارکردگی صفر ہے مگر جھوٹے دعوؤں اور نام نہاد ترقیاتی اشتہارات کی اخیر کر دی گئی ہے۔ عوام دو وقت کی روٹی کے لیے پریشان ہیں، کسان سڑکوں پر دھکے کھا رہا ہے، پاسکو اور محکمہ خوراک کے خاتمے سے نظام پہلے ہی بیٹھ چکا ہے مگر اہلِ اقتدار کو اپنی تشہیر سے فرصت نہیں ہے۔ بحرانوں کا مقابلہ کرنے کے لیے عملی اقدامات کرنے کے بجائے پریس کانفرنسوں اور اشتہار بازی کے ذریعے عوام کو فریب دینے کا یہ کھیل اب بے نقاب ہو چکا ہے۔

کاش ہمارے حکمران طبقات ذاتی مفادات، وقتی سیاسی نفع نقصان، اور اشرافیہ کی خوشنودی سے بالاتر ہو کر قومی مفاد کو ترجیح دیں۔ زراعت کو زوال سے بچانے اور معیشت کو پٹڑی پر لانے کا واحد راستہ یہ ہے کہ ریاست کسان کو اس کا حقیقی مقام دے۔

☆☆☆☆

ہمارے ہاں بحران سر پر آنے کے بعد جاگنے کی روایت پرانی ہو چکی ہے۔ پالیسی سازوں کے نزدیک زراعت کبھی ترجیحی شعبہ نہیں رہا۔ جب کسان سڑکوں پر احتجاج کرتا ہے، اپنے حقوق کے لیے آواز اٹھاتا ہے اور بتاتا ہے کہ اس کے لیے بیج اور کھاد خریدنا ناممکن ہو گیا ہے تو حکمران کانوں میں روئی ڈال کر بیٹھ جاتے ہیں۔ نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ پیداوار میں کمی واقع ہوتی ہے، ذخیرہ اندوز اور منافع خور مافیا سرگرم ہو جاتا ہے اور حکومت کو مجبوراً قیمتی ڈالرز خرچ کر کے باہر سے غلہ منگوانا پڑتا ہے۔ اس سارے عمل میں نقصان صرف اور صرف عام آدمی اور غریب عوام کا ہوتا ہے جن کے لیے روٹی کا حصول مزید مشکل بنا دیا جاتا ہے۔

ہمارے ملک کی اس ابتر معاشی حالت کا جائزہ لیا جائے تو یہ حقیقت عیاں ہوتی ہے کہ ہم نے ایک زرعی ملک کو زبردستی صنعتی دائرے میں دھکیلنے کی ناکام کوشش کی۔ حکمرانوں کی نااہلی کا عالم یہ ہے کہ نہ تو ہماری زراعت سنبھل سکی اور نہ ہی کوئی مستحکم صنعت وجود میں آ سکی۔ زرعی بنیادوں کو کمزور کر کے صنعتی انقلاب لانے کے خواب نے پورے ملک کو معاشی دلدل میں دھکیل دیا ہے۔ صورتحال یہ ہے کہ زراعت تباہ ہو گئی اور صنعت بھی اپنے پاؤں پر کھڑی نہ ہو سکی۔ اس ناکام تجربے اور پالیسیوں کے نتیجے میں ماسوائے چند مخصوص اور پسندیدہ صنعتکاروں کے، آج ملک کی ہر چھوٹی بڑی صنعت اور عام تاجر کا برا حال ہے۔ اشرافیہ اور مخصوص مافیاز نے مل کر ملکی معیشت کے دونوں شعبوں زراعت اور صنعت کو تباہ کر ڈالا ہے جس کا خمیازہ آج عام پاکستانی بھگت رہا ہے۔

کینیڈا میں مقیم پاکستانی کمیونٹی

میاں حبیب

وطن عزیز میں سیاست گہری کروٹ لے رہی ہے اور اب یقین سا ہونے لگا ہے کہ کچھ نہ کچھ ہونے جا رہا ہے جس کے لیے راہیں ہموار کی جا رہی ہیں۔ ہم دیار غیر میں محسوس کر رہے ہیں کہ اضطراب بڑھ رہا ہے۔ خاص کر کینیڈا میں مقیم پاکستانیوں میں وطن بارے زیادہ تشویش پائی جاتی ہے۔ ہر کوئی یہ پوچھتا ہے کیا بنے گا، کیا ہونے جا رہا ہے۔ انھیں پاکستانی عوام کا بہت درد ہے، وہ محسوس کرتے ہیں کہ وہاں عام لوگوں کا گزارا مشکل ہو رہا ہے، لوگوں کے مسائل بڑھ رہے ہیں، پاکستان میں رہنے والے اوورسیز رشتہ داروں کو اپنی بیبسی کا رونا بھی کچھ زیادہ رو کر جذباتی کرتے ہیں اور کوشش ان کی ہوتی ہے کہ وہ زیادہ سے زیادہ ان کی مدد کریں۔ اور وہ یہ بھی سمجھتے ہیں کہ شاید اوورسیز درختوں سے پیسے توڑتے ہیں۔ یقین کریں یہ لوگ بہت محنت کرتے ہیں۔ پوری دنیا کے معاشی حالات خراب ہیں لیکن ان معاشروں کا حسن ہے کہ یہ اپنے شہری کی بنیادی ضرورتوں کا خیال رکھتے ہیں لیکن پیسہ کمانا بہت مشکل ہے۔ یہ لوگ دو دو تین تین جابز کرتے ہیں، دن رات محنت کرتے ہیں، اپنے سارے کام خود کرتے ہیں۔ یہ مشینوں کی طرح کام کرتے ہیں لیکن فرق صرف اتنا ہے کہ یہاں محنت کرنے والوں کیلئے راستے کھلتے جاتے ہیں اور جو جتنی محنت کرتا ہے اتنی وہ ترقی کرتا چلا جاتا ہے سسٹم اسے سپورٹ کرتا ہے اگر کوئی بزنس کرنا چاہتا ہے تو کوئی اس کے راستے میں رکاوٹ نہیں ڈالتا بلکہ تمام ریاستی انتظامی ادارے اس کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں اس کیلئے سہولتیں پیدا کرتے ہیں کام کرنے والوں کے لیے بیشمار مواقع موجود ہیں اس کے برعکس اگر ہم اپنے معاشرے کا جائزہ لیں تو وہاں محنت کرنے والے ہر بندے کے راستے میں رکاوٹیں کھڑی کی جاتی ہیں جبکہ ہر دو نمبر کام کرنے والے کو سسٹم سپورٹ کرتا ہے اس لیے لوگوں کا محنت سے اعتماد اٹھتا جا رہا ہے لوگ شارٹ کٹ کے چکروں میں رہتے ہیں جس کا یہاں تصور بھی نہیں ہے۔ پاکستان میں بزنس کرنے کی خواہش رکھنے والوں کو اتنے چکر دیے جاتے ہیں کہ وہ چکرا کر بدظن ہو جاتا ہے۔ میں حیران ہوں کہ پاکستان میں ناکام لوگ بھی یہاں آ کر کامیاب ہو جاتے ہیں۔ چونکہ سسٹم ایسا ہے کہ جس نے یہاں رہنا ہے اسے کام کرنا پڑے گا۔ میں نے آبزرو کیا ہے کہ پاکستانی بہت باصلاحیت لوگ ہیں۔ محنتی ہیں، کینیڈا کے معاشرے میں انھوں نے اپنے بل بوتے پر اپنا مقام بنایا ہے، وطن کا نام روشن کیا ہے، سروسز سے لے کر بزنس، سیاست، سوشل ورک، تعلیم، تحقیق، ٹیکنالوجی ہر میدان میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا ہے۔ کینیڈا کی سوسائٹی میں پاکستانی نژاد کینیڈین شہری اہم کردار ادا کر رہے ہیں اور کینیڈا میں مقیم پاکستانی کینیڈا کی ریاست کو اپنی ماں تصور کرتے ہیں۔ وہ سمجھتے ہیں کہ اگر پاکستان نے انھیں جنم دیا ہے تو کینیڈا نے انھیں روزگار عزت احترام اور آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کیے ہیں۔ کینیڈا کی مٹی ایسی ہے کہ جو جس بیک گراونڈ سے بھی تعلق رکھتا ہو، کینیڈا میں وہ ریاست کا سب سے بڑا وفادار ہے۔ یہاں نیشنلز بہت زیادہ ہے، ہر شخص نے اپنے گھر کے باہر کینیڈین فلیگ کا بورڈ لگایا ہوا ہے۔ آفسز دوکانوں سمیت جابجا کینیڈین پرچم لہرا رہے ہیں، تعلیم مفت ہے بلکہ ریاست اعلیٰ تعلیم اور تحقیق کے مواقع فراہم کرتی ہے۔ اعلیٰ تعلیم یافتہ لوگوں کو بڑی بڑی جابز باآسانی مل جاتی ہیں اور کسی بھی شخص پر کوئی پابندی نہیں۔ امیگرینٹس کو بھی وہی مواقع اور حقوق حاصل ہیں جو کینیڈین خاندانی لوگوں کو حاصل ہیں۔ کسی میں کوئی تخصیص نہیں۔ کینیڈا ایک اوپن مائنڈ معاشرہ ہے، یہاں بسنے والے پاکستانی ایک دوسرے کا بڑا خیال رکھتے ہیں البتہ کئی لوگ اپنی حرکتوں سے باز نہیں آتے وہ اپنے ہم وطنوں کی ٹانگیں کھینچنے کے قومی کھیل کو یہاں بھی جاری رکھے ہوئے ہیں۔ کہیں کہیں فراڈ بھی کر جاتے ہیں لیکن اوورآل مثبت رجحان زیادہ ہے۔ ایک دوسرے کی مدد کرنے والے زیادہ ہیں خاص کر مسس ساگا ٹورنٹو میں ایک شخصیت نے مجھے بہت زیادہ متاثر کیا۔ اس شخصیت کا نام حاجی جمیل احمد ہے۔ ان کا طباق ریسٹورنٹ ہے۔ یہ پاکستانی ریسٹورنٹ کے نام سے مشہور ہے۔ لوگ صرف یہاں کھانا کھانے نہیں آتے بلکہ یہ پاکستانیوں کا ملن پوائنٹ بھی ہے، سوشل کلب بھی ہے اور حاجی صاحب رابطہ کاری کا پل ہیں۔ انتہائی ہمدرد دردل رکھنے والے ہر کسی کی بیلوث مدد کرنے والی شخصیت ہیں۔ لوگوں کے خانگی سماجی کاروباری مسائل کے حل میں مدد کرتے ہیں۔ پاکستانیوں کے بڑے ہیں۔ ہر کوئی ان پر اعتماد کرتا ہے۔ ان کا ریسٹورنٹ ایک ڈیرہ ہے جسے پاکستان ہاؤس کہا جاتا ہے۔ یہ پاکستانیوں کا میٹنگ پوائنٹ بھی ہے جہاں ہر پاکستانی نے آنا ہوتا ہے۔ مجھے یہاں 25، 25 سال پرانے دوست مل گئے۔ ایک دوست نے بڑا زبردست تبصرہ کیا کہ یہاں کھمب میلے کے بچھڑے ہوئے بھی مل جاتے ہیں۔ ایسے ڈاؤن ٹو ارتھ لوگ پاکستان کے ہیرو ہیں۔ میرا بس چلے تو میں حاجی جمیل کو پاکستان کا سب سے بڑا ایوارڈ دوں۔ یہ لوگ پاکستان کی اصل شناخت ہیں جو وطن کا نام روشن کر رہے ہیں۔ جو مغربی معاشروں کے لیے بھی ایک مثال ہیں۔ آخر میں ان تمام دوستوں کا بھی شکریہ جنہوں نے مجھے بپناہ عزت سے نوازا۔ خصوصی طور پر اشرف لودھی، بدر منیر چوہدری، ظہیر بابر، ندیم چوہدری، رانا محبوب بوبی، ارشد خان، عابد بٹ، نعیم خان، میاں عامر اور سہیل ملک سمیت سب دوستوں نے جس محبت کا اظہار کیا

سفرنامہ

لاڑکانہ سے کوہ مری ناران کاغان کا سفر

تحریر: عبدالفتاح عباسی

صحت مند اور تندرست زندگی کیلئے لازمی ہے کہ وہ کم از کم سال میں ایک مرتبہ ضرور اللہ تعالیٰ کی قدرت کے حسین وجمیل خوبصورت نظارے دیکھنے کیلئے ٹھنڈے علاقوں کا سفر اختیار کرنا چاہیے، اس طرح آپ کو دوسرے علاقوں کے رہائشیوں کا رھن سہن، زندگی گذارنے کا طریقہ کار، ان کی یونٹی یکجہتی، متحد، منظم ہونے کا عمل پریکٹیکلی دیکھنے کو ملے گا۔ ویسے بھی ایک روٹین گھر، دفتر، دکان تک محدود رکھنا خود کے ساتھ ناجائزی ہے، ہمارے بزرگان دین بھی سیر سفر اختیار کرتے رہے ہیں، اور انکی زندگی سے ثابت ہوتا ہے کہ وہ دور دراز علاقوں، شہروں، ممالک تک کے سیر سفر کے دوران نیکی کی دعوت دیتے رہے ہیں اور راہ خدا میں سفر اختیار کرتے ہوئے انسانیت کی حقیقی خیر خواہی کرتے رہے ہیں، اسی عمل کو آگے بڑھاتے ہوئے 12 جون 2026ع بروز جمعہ شام چار بجے نورل بھورل کوچ سندھ کے تاریخی شہر لاڑکانہ کے نیو بس اسٹینڈ سے اسلام آباد کے لیے روانہ ہوتی ہے۔ خوشگوار موڈ میں تمام اسلامی بھائی اللہ پاک کے نام کا ورد کرتے ہیں اور درود و سلام کا ورد کرتے ہیں، گاڑی میں بیٹھتے ہی سب ایک دوسرے کو سلام دعا کرتے ہیں، ایک دوسرے کی خیر خواہی کرتے ہیں اور کچھ دوست گپ شپ میں مصروف ہو جاتے ہیں۔ سفر شروع ہوتا ہے اور نورل بھورل کوچ میں ڈرائیور اور اس کے ساتھی جو پینے کا پانی سب کو دیتے ہیں، کوچ چلتے ہی پرانے گلوکار جلال چانڈیو کے بلند آواز میں کلام شروع کئے جاتے ہیں اور ماحول عجیب سا ہو جاتا ہے۔ روہڑی اور دوسرے اسٹاپ کے بعد گاڑی تیز رفتاری سے چلنے لگتی ہے۔ صبح، کوچ اسلام آباد سے کچھ فاصلے پر نماز فجر کے لیے رکتی ہے اور صبح سات بجے کے قریب اسلام آباد/ راولپنڈی کے فیض آباد بس اسٹینڈ پر پہنچ جاتے ہیں۔ یہاں اسلام آباد میں بھی شدید گرمی ہے، جب کہ لاڑکانہ میں درجہ حرارت 51 ڈگری سینٹی گریڈ ہے۔ اسلام آباد میں شدید گرمی کی وجہ سے سائیں فدا حسین عطاری، نجی اللہ سرکی اور عبدالوحید شیخ صاحب فوری طور پر ہی اسٹینڈ پر کوہ مری کے لیے اپنی سواری بک کروانے کیلئے مصروف عمل ہو جاتے ہیں۔ اس دوران اسلامی بھائی کچھ دیر تک اپنے سفر کے بارے میں حال احوال بھی دیتے رہتے ہیں، اسی طرح سرکی صاحب اور شیخ صاحب دو ویگن بک کرتے ہیں۔ پھر دوستوں کو اطلاع دی جاتی ہے اور انہیں ہر ویگن میں بہتر طریقے سے بٹھایا جاتا ہے۔ اسلام آباد کی گرمی سے نکلتے ہی کوہ مری کا سفر شروع ہو جاتا ہے۔ کوہ مری کے داخلے راستے پر پاپو جی ہوٹل میں ناشتے میں گرم. گرم فراٹے، انڈے اور چائے کے ساتھ وی آئی پی چکن ڈش بھی محترم سائیں مجیب الرحمٰن شیخ صاحب قمبر والے ساتھی کی ادی بہن کی طرف سے ناشتہ تناول کیا جاتا ہے اسی ہی دوران بارش بوندا باندی شروع ہو جاتی ہے جس سے موسم بہت خوشگوار ہو جاتا ہے۔ ناشتے کے بعد، گاڑیوں میں سوار ہونے سے پہلے ایک گروپ فوٹو لیا جاتا ہے اور پھر ہم کوہ مری کے سفر پر روانہ ہوتے ہیں۔ کوہ مری کے پہاڑوں کی طرف گاڑیاں اپنی منزل کی طرف بڑھنے لگیں تو ٹھنڈی ہوائیں بہار کی طرح ہمارا استقبال کرتی ہیں۔ کوہ مری کی سڑکیں نئی بن رہی ہیں جس کی وجہ سے آدھی سے زیادہ سڑکیں خستہ، ٹوٹی پھوٹی اور خطرناک ہو چکی ہیں۔ میری مدنی تحریک دعوت اسلامی کے بانی مدنی ماحول کے بانی امیر اہلسنت حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطار قادری کے حکم کے مطابق مجھے اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کرنی ہے جس کے لیے ہمیں راہ خدا میں سفر کرنا ہے۔ اپنی اصلاح کے لیے ہمیں مدنی قافلوں میں سفر کرنا چاہیے۔ دو ماہ کی گرمیوں کی تعطیلات میں دعوت اسلامی کے قافلے بالخصوص سندھ اور پنجاب سے 30 دن اور 12 دن کیلئے اللہ کی راہ میں شمالی سرد علاقوں کی طرف روانہ ہوتے ہیں۔ قافلوں کو دیکھنے والے یہ حسرت کرتے ہیں کہ کاش اللہ پاک ہمیں ان دعوت اسلامی کے قافلوں میں نکل کر سفر کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ دعوت اسلامی کے مدنی قافلوں کے شرکاء کو آخر کیا حاصل ہوتا ہے، سب سے پہلے جو شخص دعوت اسلامی کے قافلوں میں سفر کرنے کا ارادہ رکھتا ہے وہ رب العالمین کی خصوصی توجہ حاصل کرتا ہے۔ وہ نوجوان پانچ وقت کی پابندی کے ساتھ جماعت اور تکبیر اولیٰ پڑھنے کی سعادت حاصل کرتا ہے۔ اسے نہ صرف پانچ وقت کی نماز کی سعادت ملتی ہے بلکہ اسے تہجد کی نماز، نماز توبہ، نماز اوابین، نماز اشراق، نماز چاشت، نماز صلواۃ تسبیح، تلاوت قرآن پاک دیگر نوافل کی عظیم سعادت بھی ملتی ہے اور سب سے اہم بات یہ ہے کہ جب دنیا گہری نیند میں ہوتی ہے تو دعوتِ اسلامی والے مدنی مقصد کے تحت صدائے مدینہ یعنی نماز فجر کیلئے جگاتے ہیں اور علاقوں، شہروں قریہ قریہ بستی بستی نگر نگر میں رات کو نماز نیند سے بہتر ہے کی صدائیں لگاتے ہیں۔ نماز فجر سے پہلے گھر سے مسجد تک پہنچتے ہوئے جگاتے جاتے ہیں، یقیناً مطالعہ کرنے والے باذوق ذی الشعور عوام الناس کو معلوم ہے کہ حضرت سیدنا مولا علی شیر خدا کرم اللہ وجہہ الکریم کی اس سنت میں کئی برکتیں ہیں، سندھ کے عاشقان رسول کو بھی کوہ مری و دیگر ٹھنڈے علاقوں میں 30 دن اور 12 دن کے سفر کرنے کی سعادت حاصل ہوئی۔ یہ اللہ رب العالمین کا بڑا احسان ہے کہ اس نے ہم سب کو مدنی تحریک دعوت اسلامی کے فیضان مدینہ جامع مسجد چٹھہ موڑ میں دعوتِ خیر میں مشغول رہنے کی سعادت عطا فرمائی۔ اس مدنی سفر میں دعوت اسلامی کے ذمہ داران سائیں فدا حسین کھوسو عطاری، سائیں جواد علی بھرگڑی عطاری، سائیں محمد مشتاق چاچڑ عطاری کی کاوشیں اور صبح کی گرم چائے تیار کرنے میں اور ان کے معاونین میں عبدالرحیم شیخ، سجاد علی میمن، سائیں مجیب الرحمٰن شیخ آف قمبر، سائیں ذیشان علی وگن، نصیر آباد کے سائیں سکندر علی چنہ، رتو ڈیرو کے عبدالواحد سیلرو، وقار المدینہ عطاری، سائیں محمد یوسف، سائیں قاضی رفیق احمد، سائیں شکیل احمد بھٹو اور دیگر مہربان دوستوں نے خوب تر خدمات سرانجام دیں اور خاص طور پر پورے کارواں میں سائیں اوشاق علی ٹگڑ عطاری اور سائیں نجی اللہ سرکی عطاری جنہوں نے قابل ستائش اور اہم کردار ادا کیا اور ایک ایسی شخصیت ہیں جس کو فراموش نہیں کیا جا سکتا، سائیں محمد خالد حسین عطاری سندھ اور پنجاب کے بارڈر اوباڑو جنہوں نے اسلامی بھائیوں کے لیے سات روزہ اسلامی تربیتی کورس کے لیے زیادہ سے زیادہ کوششیں کیں اور انھیں پہلے سے بہتر اسلامی دینی وسیع معلومات فراہم. کرنے کی بھرپور کوششیں کیں۔ انہوں نے اس طرح سمجھانے کی ہر ممکن کوشش کی اور متاثر کن شخصیت ثابت ہوا، جنہوں نے بعد میں ایبٹ آباد، مانسہرہ، ناران، پارس، ایوبیہ وغیرہ میں خدمات سرانجام دیں۔ فیضان مدینہ کوہ مری کے خطیب قاری حافظ محمد قاسم عطاری کو کیسے بھلایا جا سکتا ہے، جو نہایت ذہین اور سچے پکے عاشق رسولؐ ہیں۔ دعوت اسلامی کوہ مری کے ڈسٹرکٹ نگران محمد کاشف عطاری عباسی نے خلیفہ دوئم جلیل القدر صحابی رسول حضرت سیدن

1

وزرا نے فلسطین کے عوام کے حقوق بشمول حق خودارادیت اور 4 جون 1967 کی سرحدوں کی بنیاد پر آزاد اور خود مختار فلسطینی ریاست کے قیام کیلئے اپنی غیر متزلزل حمایت کا اعادہ کیا، جس کے دارالحکومت اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق مشرقی بیت المقدس ہو۔ بیان میں کہا گیا کہ چاروں وزرائے خارجہ نے ایک بار پھر اس عزم کا اظہار کیا کہ فلسطینی مسئلے کا منصفانہ، جامع اور مستقل حل مشرق وسطیٰ میں پائیدار امن اور استحکام کے حصول کیلئے لازمی ہے۔ دفتر خارجہ نے بتایا کہ آر4۔ گروپ وزرائے خارجہ نے خطے کی بدلتی ہوئی صورت حال کا بھی جائزہ لیا اور خطے کے استحکام کے فروغ کیلئے چاروں ممالک کے درمیان مسلسل مشاورت اور قریبی رابطوں کی اہمیت کا بھی اعادہ کیا

2

اجلاس میں نجکاری کمیشن کی جانب سے تربیلی ہائیڈرو پاور کمپنیز کے پہلے مرحلے کی تکمیل کیلئے اب تک کہ کیے گئے اقدامات پر بریفنگ دی گئی۔ مزید براں، نجکاری کمیشن کی ادارہ جاتی تنظیم نو کے تناظر میں بہترین افرادی قوت کی شمولیت پر پیش رفت پر بھی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں وفاقی وزیر برائے توانائی سردار اویس احمد خان لغاری، وفاقی وزیر برائے اقتصادی امور احد خان چیمہ، وفاقی وزیر انفارمیشن ٹیکنالوجی شزا فاطمہ خواجہ، وزیراعظم کے مشیر برائے نجکاری محمد علی اور متعلقہ سرکاری اداروں کے عہدے داران نے شرکت کی۔ اجلاس میں نجکاری کمیشن کی جانب سے تربیلی ہائیڈرو پاور کمپنیز کے پہلے مرحلے کی تکمیل کیلئے اب تک کہ کیے گئے اقدامات پر بریفنگ دی گئی۔ مزید براں، نجکاری کمیشن کی ادارہ جاتی تنظیم نو کے تناظر میں بہترین افرادی قوت کی شمولیت پر پیش رفت پر بھی بریفنگ دی گئی۔ وزیراعظم نے خصوصی ہدایت کی کہ بجلی کی تربیلی ہائیڈرو کمپنیز کی نجکاری میں عالمی معیار کے سرمایہ کاروں کی شمولیت یقینی بنانے کیلئے موثر اور جامع حکمت عملی اختیار کی جائے۔ وزیراعظم نے کہا کہ نجکاری کمیشن میں جاری ادارہ جاتی اصلاحات اور تنظیم نو کا کام ایک ماہ میں مکمل کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ نجکاری کے عمل میں سرمایہ کاروں کی شمولیت کیلئے اندرون و بیرون ملک کیے جانے والے کامیاب روڈ شوز باعث اطمینان ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ ڈسکوز کی نجکاری کے تمام مراحل مقررہ مدت میں طے شدہ قواعد اور بہترین حکمت عملی کے مطابق منافع بخش انداز میں مکمل کیے جائیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ نجکاری کمیشن کی افرادی قوت میں عالمی معیار کے مالیاتی، قانونی اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے ماہرین شامل کیے جائیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ عالمی معیار کی افرادی قوت اور ماہرین نجکاری کمیشن کی استعداد کار اور اداروں میں سرمایہ کاری بڑھانے کیلئے موثر اقدامات کو یقینی بنائے گی۔ شہباز شریف نے کہا کہ نجکاری کے مراحل میں بہترین پیشہ ورانہ استعداد کے حامل کنسلٹنٹ کی تجاویز کو یقینی بنایا جائے۔ وزیراعظم نے کہا کہ نجکاری کے مراحل کی سہولت کیلئے درکار تمام قانونی انتظامات اور مالیاتی ریگولیشن فریم ورک کی بروقت تکمیل کو یقینی بنایا جائے۔

3

جموں وکشمیر کے عوام کے ساتھ بھرپور یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 5 اگست 2019 کو بھارت کی جانب سے آرٹیکل 370 اور 35 اے کی منسوخی ایک غیر قانونی، یکطرفہ اور بین الاقوامی قوانین کے منافی اقدام تھا، جس کا مقصد کشمیری عوام کی شناخت، حقوق اور تاریخی حیثیت کو متاثر کرنا تھا وزیراعلیٰ نے کہا کہ گزشتہ کئی دہائیوں سے مقبوضہ کشمیر کے عوام ظلم، جبر اور انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں کا سامنا کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام کو ان کی اپنی سرزمین پر اقلیت میں تبدیل کرنے کی کوششیں نہ صرف قابل مذمت ہیں بلکہ یہ اقوام متحدہ کی قراردادوں اور عالمی قوانین کی بھی صریح خلاف ورزی ہیں میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ اہل بلوچستان بھارت کے ان اقدامات کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں اور کشمیری عوام کے حق خودارادیت کی عمل حمایت کرتے ہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ مسئلہ کشمیر کا واحد منصفانہ اور پائیدار حل اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق ہی ممکن ہے وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ عالمی برادری کو چاہیے کہ وہ مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا موثر نوٹس لے، کشمیری عوام پر ہونے والے مظالم کو اجاگر کرے اور بھارت پر بین الاقوامی ذمہ داریوں کی پاسداری کیلئے دباؤ بڑھائے

4

کی شرح مزید بڑھنے کے بجائے اسی سطح پر فریز رہیں گی، ایڈہاک ریلیف الاؤنس 2023ء پہلے ہی 30 جون 2023ء کی سطح پر منجمد ہے، نئے ملازمین کو بھی الاؤنس بنیادی اسکیل 2022 کے مطابق ملے گا۔ وزارت خزانہ کے مطابق خصوصی تنخواہیں اور متعلقہ الاؤنسز بھی 30 جون 2026 کی سطح پر منجمد رہیں گے، گریڈ 1 سے 16 تک کے ملازمین کو بنیادی تنخواہ کا 35 فیصد الاؤنس دیا جائے گا۔ گریڈ 17 سے 22 کے ملازمین کو 30 فیصد ایڈہاک ریلیف الاؤنس دیا جائے گا یہ ایڈہاک ریلیف الاؤنس آئندہ احکامات تک اسی شرح پر منجمد رہے گا۔ آفس میمورنڈم کے مطابق سرکاری ملازمین کو ایڈہاک ریلیف الاؤنس 2024ء بھی بنیادی پے سکیل 2022 کی بنیاد پر ملے گا، گریڈ 1 سے 16 کے ملازمین کو بنیادی تنخواہ کا 25 فیصد دیا جائے گا

5

موضع پرمصر کے وزیر خارجہ ڈاکٹر بدر عبدالعاطی سے خوشگوار ملاقات اور تبادلہ خیال کیا۔ بدھ کو وزارت خارجہ سے جاری بیان کے مطابق دونوں رہنماؤں نے پاکستان اور مصر سے متعلق علاقائی و بین الاقوامی پیش رفت پر گفتگو کی اور باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر اپنے خیالات کا تبادلہ کیا۔

6

(آج) شام اعلیٰ سطحی وفد کے ہمراہ 2 روزہ دورے پر سعودی عرب روانہ ہوں گے۔ دورے کے دوران وزیراعظم سعودی ولی عہد محمد بن سلمان سے اہم ملاقات کریں گے جس میں دوطرفہ تعلقات اور خطے کی مجموعی صورتحال پر غور کیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق ملاقات میں امریکہ، ایران جنگ اور امن مذاکرات سے متعلق بھی تبادلہ خیال ہوگا۔

7

مختلف قبائلی عمائدین اور سیاسی رہنماؤں نے شرکت کی۔ ملاقات کے دوران وفد نے ضلع موسیٰ خیل کو درپیش عوامی، انتظامی اور ترقیاتی مسائل سے وزیراعلیٰ بلوچستان کو تفصیلی طور پر آگاہ کیا اور ضلع کی ترقی، بنیادی سہولیات کی فراہمی، مواصلاتی ڈھانچے کی بہتری اور دیگر عوامی فلاحی منصوبوں سے متعلق اپنی تجاویز پیش کیں اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے وفد کی تجاویز اور سفارشات کو بغور سنا اور یقین دہانی کرائی کہ حکومت بلوچستان صوبے کے تمام اضلاع میں یکساں اور متوازن ترقی کے وژن پر عمل پیرا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی نمائندوں، قبائلی عمائدین اور مقامی قیادت سے مسلسل مشاورت کے ذریعے ترقیاتی منصوبوں کو زیادہ موثر اور عوامی ضروریات سے ہم آہنگ بنایا جا رہا ہے تاکہ دور دراز اور پسماندہ علاقوں کے عوام بھی ترقی کے ثمرات سے بھرپور استفادہ کر سکیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ حکومت کی اولین ترجیح بلوچستان کے پسماندہ اضلاع کو قومی ترقی کے دھارے میں شامل کرنا ہے

8

دوران آبنائے کے مرکزی راستے کو آنے اور جانے والے بحری جہازوں کیلئے استعمال کیا جائے گا۔ رپورٹ میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ گزشتہ چند دنوں کے دوران اسٹیو وٹکوف اور ایران وعمان کے وزرائے خارجہ کے درمیان فون پر رابطے ہوئے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق ایرانی وزیر خارجہ عراقچی اصولی طور پر اس معاہدے پر رضامند ہو گئے ہیں، جس کے بعد سپریم لیڈر اور قومی سلامتی کونسل کی منظوری درکار ہے۔ رپورٹ کے مطابق عمان اور ایران کے درمیان مذاکرات میں قطر، پاکستان اور سعودی حکام بھی ثالثی کوششوں میں شامل رہے۔۔

9

رابطوں میں ہیں۔ دوسری جانب امریکی میڈیا نے ذرائع کے حوالے سے دعویٰ کیا کہ آبنائے ہرمز میں امریکا، عمان اور ایران کے درمیان 60 روز کے عارضی انتظام پر اتفاق ہوا ہے، معاہدے کے تحت خلیجی ملکوں کی جانب جانے والے بحری جہازوں آبنائے ہرمز سے گزرنے کیلئے ایرانی پانیوں کا راستہ اختیار کریں گے، جبکہ آبنائے ہرمز سے بحیرہ عرب جانے والے بحری جہاز عمانی پانیوں سے سفر کریں گے۔ 60 دن کی اس مدت کے دوران کوئی فیس نہیں لی جائے گی، فریقین 30 دن کے اندر آبنائے ہرمز میں بارودی سرنگیں ہٹانے پر کام کریں گے۔ دوسری جانب ایرانی سرکاری میڈیا نے واضح کیا کہ مذاکرات صرف مسقط اور تہران کے درمیان ہو رہے ہیں، واشنگٹن کا ان مذاکرات سے کوئی تعلق نہیں، اگر امریکا کی جانب سے خلاف ورزیاں جاری رہیں تو ایران اور عمان کے درمیان معاہدہ طے پانے کے باوجود آبنائے ہرمز فوری طور پر نہیں کھولی جائے گی۔ آبنائے ہرمز سے سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، کویت اور ایران سے یومیہ تقریباً 21 ملین بیرل تیل دیگر ممالک کو پہنچایا جاتا ہے

10

(a)(2)128 کے تحت نامنظور کرنے سے متعلق آئینی قرارداد پیش کی۔ انہوں نے کہا کہ اس آرڈیننس کو مزید بہتر کر کے بل کی صورت میں پیش کرنا ہے بعدازاں صوبائی وزیر داخلہ نے بلوچستان سیف سٹیز اتھارٹی کا مسودہ قانون مصدرہ 2026 ایوان میں پیش کیا جسے ایوان نے منظور کرلیا۔

11

کم از کم 21 افراد ہلاک اور 45 سے زائد زخمی ہوگئے، جبکہ متعدد عمارتیں تباہ ہونے سے ہلاکتوں میں اضافے کا خدشہ ظاہر کیا جا رہا ہے۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق یوکرینی فضائیہ نے بتایا کہ روس نے حملوں کے دوران 24 سٹلکٹ میزائل، چار اینٹی شپ میزائل اور 115 ڈرون داغے۔ فضائی دفاعی نظام نے 98 ڈرون تباہ کرنے کا دعویٰ کیا، تاہم متعدد میزائل اور ڈرون اپنے اہداف تک پہنچنے میں کامیاب رہے۔ حملوں میں رہائشی عمارتوں، ریلوے اسٹیشن، گوداموں اور دیگر شہری تنصیبات کو نشانہ بنایا گیا، جبکہ کئی مقامات پر شدید آگ بھڑک اٹھی۔ متعدد رہائشی عمارتیں منہدم ہونے سے درجنوں افراد ملبے تلے دب گئے، جنہیں نکالنے کیلئے امدادی کارروائیاں جاری ہیں اور فائر بریگیڈ آگ بجھانے میں مصروف ہے۔ کیف کے میئر کے مطابق دارالحکومت میں 3 افراد ہلاک اور 16 زخمی ہوئے، جبکہ کیف کے گردونواح میں 18 افراد جان کی بازی ہار گئے اور 29 زخمی ہوئے۔ حکام نے خبردار کیا ہے کہ ملبے تلے مزید افراد موجود ہو سکتے ہیں،

12

خوشی کا لمحہ ہے کہ آپ بلوچستان سے منتخب ہونے والے واحد فیلو ہیں جو 70 سے زائد ممالک کے قابل پیشہ ور افراد کے ایک ممتاز گروپ میں شامل ہیں۔ گورنر مندوخیل نے اس یقین کا اظہار کیا کہ پروفیسر ڈاکٹر بلال سرور امریکہ میں اپنی دس ماہ کی ہمفری فیلوشپ کے دوران پاکستان اور بلوچستان کا امیج بہتر بنانے کردار ادا کریں گے اور اپنے ساتھ پاکستان میں ہائیر ایجوکیشن، لیڈرشپ، مینجمنٹ اور کوالٹی ایشورنس کے طریقوں کو مزید مستحکم کرنے کیلئے جدید علم و تجربہ لائیں گے۔

13

سیکرٹری برکت علی رند کی جانب سے مشترکہ طور پر پیش کی گئی قرارداد میں 5 اگست 2019 کو بھارت کی جانب سے بھارتی آئین کے آرٹیکل 370 اور 35(A) کو یکطرفہ طور پر منسوخ کرنے کے اقدام کو غیر آئینی، غیر قانونی اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کی صریح خلاف ورزی قرار دیتے ہوئے اس کی شدید الفاظ میں مذمت کی گئی قرارداد میں کہا گیا کہ آرٹیکل 370 کو بھارت کی جانب سے بھارتی آئین کے آرٹیکل 370 اور 35 اے کی منسوخی ایک غیر قانونی، یکطرفہ اور بین الاقوامی قوانین کے منافی اقدام تھا، جس کا مقصد کشمیری عوام کی شناخت، حقوق اور تاریخی حیثیت کو متاثر کرنا تھا وزیراعلیٰ نے کہا کہ گزشتہ کئی دہائیوں سے مقبوضہ کشمیر کے عوام ظلم، جبر اور انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں کا سامنا کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام کو ان کی اپنی سرزمین پر اقلیت میں تبدیل کرنے کی کوششیں نہ صرف قابل مذمت ہیں بلکہ یہ اقوام متحدہ کی قراردادوں اور عالمی قوانین کی بھی صریح خلاف ورزی ہیں میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ اہل بلوچستان بھارت کے ان اقدامات کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں اور کشمیری عوام کے حق خودارادیت کی عمل حمایت کرتے ہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ مسئلہ کشمیر کا واحد منصفانہ اور پائیدار حل اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق ہی ممکن ہے وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ عالمی برادری کو چاہیے کہ وہ مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا موثر نوٹس لے، کشمیری عوام پر ہونے والے مظالم کو اجاگر کرے اور بھارت پر بین الاقوامی ذمہ داریوں کی پاسداری کیلئے دباؤ بڑھائے

14

استحصال کے موقع پر اس عزم کا اعادہ کیا کہ وہ جموں وکشمیر کے عوام کے حق خودارادیت کے حصول کیلئے ان کی منصفانہ جدوجہد کی بھرپور حمایت جاری رکھے گا۔ بیان میں کہا گیا کہ ہم بھارت کے غیر قانونی زیر تسلط جموں و کشمیر کے عوام کی جرات، ثابت قدمی اور غیر متزلزل عزم کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ بیان میں کہا گیا کہ پاکستان، جموں وکشمیر کے عوام کی حق خودارادیت کے حصول کیلئے جاری منصفانہ جدوجہد کی غیر متزلزل حمایت جاری رکھے گا جیسا کہ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں میں اس حق کی ضمانت دی گئی ہے۔

15

صورتحال، کشمیری عوام کی جدوجہد حق خودارادیت اور خطے کی مجموعی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر حسن بنائے کشمیری عوام کے ساتھ اظہار یکجہتی اور مسئلہ کشمیر کو ہر سطح پر اجاگر کرنے کے حوالے سے حکومت بلوچستان اور وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کے مؤقف اور اقدامات کو سراہا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ مسئلہ کشمیر اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق حل طلب ایک بین الاقوامی تنازع ہے، جس کا منصفانہ اور پائیدار حل کشمیری عوام کو ان کا بنیادی حق، یعنی حق خودارادیت فراہم کیے بغیر ممکن نہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور بلوچستان کے عوام اپنے کشمیری بھائیوں کے ساتھ ہمیشہ کھڑے رہے ہیں اور مستقبل میں بھی ان کی ہر ممکن سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت جاری رکھیں گے وزیراعلیٰ نے کہا کہ کشمیری عوام نے بے مثال قربانیاں دے کر آزادی کی جدوجہد کو زندہ رکھا ہے اور ان کی یہ قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی

16

پروفیسر احسن اقبال کی زیر صدارت سی پیک منصوبہ جات جائزہ کمیٹی اور قومی سٹیئرنگ کمیٹی کا 91 واں اجلاس اسلام آباد میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں بنیادی ڈھانچے، توانائی، پیٹرولیم، آبی وسائل، خوراک وزراعت، مشترکہ ورکنگ گروپس (جے ڈبلیو جیز) اور خصوصی اقتصادی زونز سمیت مختلف شعبوں میں جاری منصوبوں پر پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر احسن اقبال نے کہا کہ سی پیک 2.0 پاکستان کیلئے ترقی کے نئے امکانات لے کر آیا ہے، جس کے ذریعے سی پیک 1.0 کے دوران توانائی اور بنیادی ڈھانچے میں ہونے والی سرمایہ کاری سے بھرپور استفادہ کیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے تمام متعلقہ وزارتوں کو ہدایت کی کہ سی پیک 2.0 کے تحت ترقی، روزگار، انوویشن، ماحول دوست ترقی اور علاقائی روابط پر مشتمل پانچ راہداریوں پر منصوبوں کے موثر اور تیز رفتار نفاذ کو یقینی بنایا جائے۔ اجلاس کو بیجنگ میں پاکستان مشن اور مختلف مشترکہ ورکنگ گروپس کے کنوینرز نے آئندہ مشترکہ ورکنگ گروپس کے اجلاسوں اور پندرہویں جوائنٹ کوآپریشن کمیٹی اجلاس کی تیاریوں سے آگاہ کیا۔ بتایا گیا کہ متعلقہ کنوینرز سے مشاورت کے بعد اجلاسوں کا کیلنڈر حتمی شکل دے کر بیجنگ میں پاکستان مشن کو ارسال کر دیا گیا ہے تاکہ چینی حکام کے ساتھ بروقت رابطہ کاری اور موثر ہم آہنگی کو یقینی بنایا جاسکے۔ اجلاس میں وزارتِ بحری امور اور حکومتِ سندھ نے کراچی کوسٹل کمپری ہینسو ڈویلپمنٹ زون منصوبے پر پیش رفت سے متعلق بریفنگ دی۔ وفاقی وزیر نے منصوبے پر عملدرآمد میں تاخیر پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے تمام متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ ایک ہفتے کے اندر اپنی آرا اور سفارشات پیش کر کے تمام زیر التوا امور کو فوری طور پر حل کیا جائے۔ انہوں نے زور دیا کہ مفاہمتی یادداشتوں پر طے شدہ شرائط اور قواعد کے مطابق عملی درآمد یقینی بنایا جائے تاکہ معاہدے صرف کاغذی کارروائی تک محدود نہ رہیں بلکہ بروقت عملی نتائج سامنے آئیں۔ انہوں نے حکومتِ سندھ، وزارتِ بحری امور اور بورڈ آف انویسٹمنٹ کو ہدایت کی کہ چینی کمپنی کے ساتھ مشترکہ اجلاس منعقد کر کے تکنیکی مسائل کا فوری حل نکالا جائے اور منصوبے کی تکمیل کیلئے مستقل رابطہ کاری کو یقینی بنایا جائے۔ اجلاس میں چین میں ایک ہزار زرعی گریجویٹس کی تربیت کے پروگرام پر بھی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ وفاقی وزیر نے ہدایت کی کہ تربیت یافتہ نوجوانوں کی حاصل کردہ مہارتوں کو پاکستان کے زرعی شعبے کی ترقی کیلئے مؤثر انداز میں بروئے کار لایا جائے۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ آئندہ اجلاس میں تربیت یافتہ گریجویٹس کی تخصص، تعیناتی اور مستقبل کے کردار سے متعلق جامع منصوبہ پیش کیا جائے۔

17

آئین پاکستان میں شامل سیاسی جماعتوں پشتونخوا ملی عوامی پارٹی، بلوچستان نیشنل پارٹی اور پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی وصوبائی قائدین نے کی۔ ریلی میں تحریک انصاف کے خواتین نے بھی شرکت کی۔ ریلی جناح روڈ، منان چوک، کندھاری بازار سے ہوتا ہوا باچا خان چوک پر احتجاجی جلسے میں تبدیل ہوا۔ احتجاجی جلسے کی صدارت پشتونخوا میپ کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال نے کی۔ احتجاجی جلسے سے عبدالرحیم زیارتوال، پی این پی مرکزی نائب صدر ساجد ترین ایڈووکیٹ اور پی ٹی آئی کے صوبائی جنرل سیکرٹری جہانگیر رند نے خطاب کیا جبکہ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض پشتونخوا میپ کے صوبائی جنرل سیکرٹری کبیر افغان، پی ٹی آئی رہنماء سردار زین العابدین خلجی اور پی این پی کے رہنماء جاوید بلوچ نے سرانجام دیئے۔ تلاوت کلام پاک کی سعادت عزیز اللہ ہمزولے نے حاصل کی۔ احتجاجی جلسے میں پشتونخوا میپ کے ڈپٹی چیئرمین عبدالرؤف لالا، مرکزی ایڈیشنل سیکرٹری مالیات آغا سید لیاقت علی، مرکزی سیکرٹری ڈاکٹر حامد خان اچکزئی، صوبائی صدر عبدالقہار خان ودان، صوبائی سینئر نائب صدر وضلع کوئٹہ کے سیکرٹری سید اشراف آغا اور دیگر صوبائی ایگزیکٹیوز، پی این پی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات آغا حسن بلوچ، اختر حسین بلوچ، غلام نبی مری، تحریک انصاف کے نور خان جلگی، سید صادق آغا اور دیگر رہنماؤں نے شرکت کی۔ ریلی کے شرکاء نے عمران خان کی سیاسی سزا ختم کرو، بلکی آئین کو بحال کرو، جمہوریت کو بحال کرو، عدلیہ اور میڈیا کی آزادی بحال کرو، ملک میں سویلین اتھارٹی بحال کرو، آمریت مردہ باد، جمہوریت زندہ آباد، عمران خان اور سیاسی اسیروں کو رہا کرو، تحریک تحفظ آئین پاکستان زندہ آباد کے فلک شگاف نعرے لگائیں۔ مقررین نے احتجاجی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عمران خان کو جیل میں رکھنا بربادی کا راستہ ہے، عمران خان، ماہرنگ بلوچ، علی وزیر سمیت تمام سیاسی اسیروں کو رہا کیا جائے۔ مقررین نے کہا کہ 8 فروری 2024 کے انتخابات میں عوام نے عمران خان کی پارٹی کو بھاری مینڈیٹ دیا جسے ریاستی زور وزر کی بنیاد پر چھینا گیا اس سے قبل عمران خان کی جماعت سے انتخابی نشان کو چھینا گیا اس طرح عوام کے مسترد کردہ لوگوں کو نیلامی اور فارم 47 کے ذریعے اسمبلیوں تک پہنچا کر اقتدار حوالے کیا گیا۔ ملک میں شروع دن سے جمہوریت نواز و جمہوری قوتوں اور آمریت نواز و آمرانہ قوتوں کے مابین آئین کی بالادستی، جمہوری حکمرانی کیلئے کش مکش جاری ہے

18

معدنی اور صنعتی تاریخ میں ایک اہم سنگ میل ثابت ہو سکتی ہے۔ انہوں نے حکومت پر زور دیا کہ سندھ میں تھیم کی تلاش کا دائرہ مزید وسیع کرتے ہوئے اضافی کنوؤں پر تحقیق اور سروے کا عمل تیز کیا جائے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستان میں پہلی مقامی تھیم صنعت کے قیام کی جانب اہم پیش رفت کے طور پر آئل اینڈ گیس ڈیولپمنٹ کمپنی لمیٹڈ (او جی ڈی سی ایل) اور پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف نیوکلیئر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی (پنس ٹیک) کے درمیان معاہدہ خوش آئند ہے۔ یہ اقدام ملک کے معدنی وسائل کو جدید صنعتی ترقی سے جوڑنے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ تھیم دنیا کی تیزی سے ترقی کرتی ہوئی گرین انرجی معیشت کا بنیادی خام مال بن چکا ہے اور برقی گاڑیوں، موبائل فونز، لیپ ٹاپس، شمسی توانائی کے ذخیرہ کرنے والے نظام، جدید بیٹریوں، دفاعی ساز وسامان اور خلائی ٹیکنالوجی میں اس کی مانگ مسلسل بڑھ رہی ہے

19

نے پی این پی مینگل سے استعفیٰ دیا، ان تمام سیاسی کارکنوں نے سینکڑوں ساتھیوں اور خاندان کے افراد کے ساتھ نیشنل پارٹی میں شمولیت کا اعلان کیا، اس موقع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ ہم نے اسلام آباد کے سامنیلو چستان کا مقدمہ رکھا ہے کہ اگر ہمارے تجویز کردہ نقاط پر عمل درامد کیا جاتا ہے تو بلوچستان میں جو صورتحال ہے اس میں بہتری آسکتی ہے، انہوں نے واضح کیا کہ بلوچستان کے عوام کا حق حاکمیت تسلیم کر کے انتخابات میں مداخلت بند کی جائے، لاپتہ افراد کا مسئلہ مستقل طور پر حل کر کے لوگوں کو لاپتہ کرنے اور مسخ شدہ لاشیں گرانے کا سلسلہ بند کیا جائے، ڈاکٹر ماہرنگ بلوچ سمیت ان کے ساتھیوں کو رہا کیا جائے، طاقت کے استعمال سے گریز کر کے مائنڈ سیٹ اور دو عملی آمیز لہجے میں تبدیلی لائی جائے، بیروزگار نوجوانوں کو میرٹ کی بنیاد پر روزگار دی جائے اور وفاقی ملازمتوں میں بلوچستان کے کوٹہ پر شفاف عملدرامد کیا جاہے ساحل اور وسائل پر بلوچستان کے عوام کی حق حاکمیت تسلیم کی جائے 1973 کے آئین اور اٹھارہویں ترمیم کو چھیڑنے کے بجائے ان پر من وعن عمل درامد کیا جائے، این ایف سی ایوارڈ کو نہیں چھیڑا جائے، مزید صوبے بنانے کے خیال کو ترک کیا جائے، بارڈر ٹریڈ پر پر پابندی ختم ہیں لاکھ افراد کو نان شبینہ محتاج بنانے کا رل ترک کیا جائے، بدنام زمانہ فورتھ شیڈول ختم کر کے سیاسی اور سماجی کارکنوں کو حراساں کر کے ان کی زندگی اجیرن کرنے کا عمل ختم کیا جائے، تمام غیر ضروری چیک پوسٹ ختم کیا جائے، طلبا کے فیسوں کی ادائیگی سرکاری سطح پر کیا جائے، بلدیاتی اداروں کو مضبوط بنایا جائے۔ ڈاکٹر مالک بلوچ نے نیشنل پارٹی کوئٹہ کے صدر حاجی عطا محمد بنگلزئی، جنرل سیکریٹری عبدالصمد رند کو ان کی ٹیم کے ساتھ مبارکباد پیش کی

20

کہا ہے کہ کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے جس سے کسی بھی صورت دستبردار نہیں ہونگے اور کشمیری عوام پر بھارتی فوج کی جانب سے ڈھائے جانے والے مظالم کے خلاف ہر فورم پر آواز بلند کرتے رہیں گے۔ 5 اگست 2019ء کو یوم سیاہ کے طور پر یاد رکھا جائے گا جب بھارت نے سلامتی کونسل کی قراردادوں کو پس پشت ڈال کر بین الاقوامی قوانین کی صریح خلاف ورزی کی اور وادی کشمیر کو دنیا کی سب سے بڑی جیل میں تبدیل کر دیا آج مقبوضہ جموں وکشمیر کے مسلمان بنیادی انسانی حقوق سے محروم ہیں مگر بھارت کو یاد رکھنا چاہیے کہ ظلم وستم کا کوئی بھی حربہ کشمیریوں کو ان کے منصفانہ قانونی اور سلامتی کونسل کی قراردادوں کے تحت دیے گئے خودارادیت کے جمہوری حق سے محروم نہیں کر سکتا۔ مسلم لیگ (ن) کوئٹہ کے رابطہ آفس سے جاری ہونے والے ایک بیان میں چوہدری نعیم کریم نے کہا کہ پانچ اگست کشمیری عوام کیلئے یوم سیاہ کا دن کے طور پر منایا جاتا ہے

21

مفاہمتی یادداشت پر دستخط کر دیئے جس کے ساتھ ہی سٹریٹجک سیکٹر کوآپریشن پروگرام کا باضابطہ آغاز ہو گیا۔ ترجمان پاور ڈویژن کے مطابق مفاہمتی یادداشت پر پاکستان کی جانب سے سیکرٹری پاور ڈویژن ڈاکٹر فجر عالم عرفان جبکہ ڈنمارک کی جانب سے پاکستان میں تعینات ڈنمارک کی سفیر ماجا ڈیروس مورٹنسن نے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کئے۔ وفاقی وزیر توانائی (پاور ڈویژن) سردار اویس احمد خان لغاری نے بھی دستخطی تقریب میں شرکت کی۔ توانائی کے شعبے میں جی ٹو جی کی بنیاد پر قائم یہ شراکت داری دونوں ممالک کے مابین دوطرفہ تعاون کو مزید مضبوط بنانے کی جانب ایک اہم پیشرفت ہے۔ اس کے تحت ڈنمارک کے ماہرین پاکستانی وفاقی توانائی اداروں کو تکنیکی معاونت فراہم کریں گے تاکہ پاکستان میں گرین انرجی کی جانب منطقی کے عمل کو تیز کیا جاسکے اور موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے کی قومی کوششوں کو مزید موثر بنایا جاسکے

22

سیاہ باب ہے، جب بھارت نے یکطرفہ اور غیر قانونی اقدامات کے ذریعے جموں وکشمیر کی متنازعہ حیثیت کو تبدیل کرنے کی ناکام کوشش کی۔ انہوں نے کہا کہ یہ اقدامات اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں، بین الاقوامی قوانین اور انسانی حقوق کے مسلمہ اصولوں کی صریح خلاف ورزی ہیں، جنہیں پاکستان اور کشمیری عوام نے کبھی قبول نہیں کیا اور نہ ہی آئندہ کریں گے۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ یوم استحصالِ کشمیر اس حقیقت کی یاددہانی ہے کہ کشمیری عوام گزشتہ کئی دہائیوں سے اپنے بنیادی حقِ خودارادیت کے حصول کیلئے بے مثال قربانیاں دے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ظلم، جبر، محاصرے، جبری گمشدگیوں، ماورائے عدالت قتل، سیاسی کارکنوں کی گرفتاریوں اور اظہارِ رائے پر پابندیوں کے باوجود کشمیری عوام کے حوصلے پست نہیں ہوئے۔

23

ایشنز، تمام ٹرانسپورٹرز، تاجر برادری، مزدور، کسان، نوجوان، طلبہ اور ہر طبقہ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد بھرپور شرکت کریں تاکہ عوامی مسائل کو مؤثر انداز میں اجاگر کیا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی نے 7 اگست کی ہڑتال کو کامیاب بنانے کیلئے صوبے بھر میں مشاورت عمل کر لی ہے اور مختلف اضلاع و شاہراہوں پر ذمہ داریاں تقسیم کر دی گئی ہیں۔ ان شاء اللہ کوئٹہ۔ چمن شاہراہ، کوئٹہ۔ژوب قومی شاہراہ (N -0 5)، کوئٹہ۔سبی۔سکھر شاہراہ (N -6 5)، کوئٹہ۔قلات۔خضدار۔کراچی قومی شاہراہ (N -25)، کوئٹہ۔مستونگ۔لوکنڈی۔تفتان شاہراہ (N -40)، گوادر۔تربت۔ہوشاب۔خضدار شاہراہ (M-8)، گوادر۔پسنی۔اورماڑہ۔کراچی ساحلی شاہراہ (N-10) سمیت بلوچستان کی تمام اہم قومی و بین الاضلاعی شاہراہوں پر پرامن احتجاج اور پہیہ جام ہڑتال ہوگی۔ ہر ضلع میں مقامی قیادت، ٹرانسپورٹرز اور تاجر تنظیموں کے تعاون سے ہڑتال کو منظم اور پرامن بنایا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ میں ٹرک اور بس ایسوسی ایشنز کے ذمہ داران سے ملاقات کے دوران کیا۔ ملاقات میں 7 اگست کو ہونے والی پہیہ جام ہڑتال، شاہراہوں پر انتظامات، ٹرانسپورٹرز کے کردار، عوامی تعاون اور مختلف اضلاع میں ہڑتال کے طریقہ کار پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر ٹرک وبس یونینز اور ٹرانسپورٹ ایسوسی ایشنز کے ذمہ داران نے متفقہ طور پر

ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ بلوچستان عسکر خان KPIs کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

یومِ استحصالِ کشمیر کے موقع پر گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائی سکول بارکھان میں پروقار تقریب

پاکستان کا ہر شہری کشمیری عوام کے حقِ خودارادیت کی حمایت جاری رکھے گا

بارکھان (خ ن) یومِ استحصالِ کشمیر کے موقع پر گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائی سکول بارکھان میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں کشمیری عوام سے اظہارِ یکجہتی کرتے ہوئے ان کی جدوجہدِ آزادی کو خراجِ تحسین پیش کیا گیا۔ تقریب کے مہمانِ خصوصی ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر بارکھان تھے، جبکہ تقریب میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر نوید لطیف، پرنسپل حاجی میر ہزار (بقیہ 37 صفحہ 3 پر)

یومِ استحصالِ کشمیر: ڈی سی چمن حبیب احمد بنگلزئی کی قیادت میں اظہارِ یکجہتی ریلی

چمن (خ ن) یومِ استحصالِ کشمیر: ڈی سی چمن حبیب احمد بنگلزئی کی قیادت میں اظہارِ یکجہتی ریلی، کشمیری عوام کی غیر متزلزل حمایت کا اعادہ یومِ استحصالِ کشمیر کے موقع پر ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی کی قیادت میں ڈی سی (بقیہ 38 صفحہ 3 پر)

اہلِ بلوچستان مقبوضہ جموں و کشمیر کے عوام کے ساتھ بھرپور یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں، شعیب نوشیروانی

یکطرفہ اور بین الاقوامی قوانین کے منافی اقدام تھا، جس کا مقصد کشمیری عوام کی شناخت، حقوق اور تاریخی حیثیت کو متاثر کرنا تھا

کشمیری عوام کو ان کی اپنی سرزمین پر اقلیت میں تبدیل کرنے کی کوششیں نہ صرف قابلِ مذمت ہیں، صوبائی وزیرِ خزانہ و معدنیات

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیرِ خزانہ و معدنیات میر شعیب نوشیروانی نے یومِ استحصالِ کشمیر کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ وہ اپنی جانب سے اور اہلِ بلوچستان کی طرف سے مقبوضہ جموں و کشمیر کے عوام کے ساتھ بھرپور یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 5 اگست 2019 کو بھارت کی جانب سے آرٹیکل 370 اور 35 اے کی منسوخی ایک غیر قانونی، یکطرفہ اور بین الاقوامی قوانین کے منافی اقدام تھا، جس (بقیہ 34 صفحہ 3 پر)

ٹرانسپورٹرز کا جماعت اسلامی کے احتجاج کی حمایت کا اعلان

آل بلوچستان بس یونین اور پنجاب، خیبر پختونخوا بس یونین 7 اگست کی ہڑتال میں شریک ہونگے

کوئٹہ (پ ر) آل بلوچستان بس یونین اور پنجاب، خیبر پختونخوا بس یونین نے بلوچستان میں بدامنی، بڑھتی ہوئی مہنگائی، پٹرولیم مصنوعات پر مبینہ بھتہ خوری، قومی شاہراہوں پر مخدوش امن و امان کی صورتحال اور ٹرانسپورٹرز کو درپیش مشکلات کے خلاف جماعت اسلامی بلوچستان کی جانب سے 7 اگست کو دی گئی پہیہ جام ہڑتال، دھرنے اور احتجاج کی مکمل حمایت کا (بقیہ 49 صفحہ 3 پر)

کچھی، سیلابی پانی بھاگ ٹو بختیار آباد روڈ کو شگاف پڑنے سے ٹریفک کی روانگی متاثر

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) کچھی میں مون سون بارشوں کے بعد سیلابی پانی بھاگ ٹو بختیار آباد روڈ کو شگاف پڑنے سے ٹریفک کی روانگی متاثر تاحال مرمت اور بحالی کا کام شروع نہیں کیا جاسکا تفصیلات کے مطابق حالیہ مون سون بارشوں اور حاجی شہر ڈیم سے آنے (بقیہ 47 صفحہ 3 پر)

بزورِ طاقت کسی کو جمہوری جدوجہد سے روکا نہیں جاسکتا، علی احمد کرد

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) آل پاکستان وکلاء ایکشن کمیٹی کے چیئرمین علی احمد کرد مرکزی انفارمیشن سیکرٹری ممبر بلوچستان بار کونسل راحب خان بلیدی نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں لاہور ایوان عدل کے سامنے ہزاروں وکلاء کا پی ٹی آئی کے چیئرمین عمران خان کے رہائی کیلئے مظاہرین پر پولیس کی جانب سے تشدد اور لاٹھی چارج کی شدید الفاظ (بقیہ 48 صفحہ 3 پر)

اسماء جتک کے خاندان کا مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ سے ٹیلیفونک رابطہ

کوئٹہ (این این آئی) اسماء جتک کی بہن اور اہلِ خانہ نے امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ سے ٹیلیفونک رابطہ کرکے انہیں خاندان کو درپیش صورتحال اور مسلسل ملنے والی دھمکیوں سے آگاہ کیا۔

عدالتی حکم کے باوجود محمد ٹاؤن متاثرین معاوضے سے محروم

عدالتی فیصلے کو ڈھائی سال گزرنے کے باوجود اس پر عمل درآمد نہیں کیا گیا

کوئٹہ (پ ر) سریاب روڈ پر ریڈیو پاکستان کے قریب یوٹرن ٹو اور روڈ کی توسیع کے منصوبے کے لیے حکومت بلوچستان نے سال 2022 میں محمد ٹاؤن کی کمرشل اور رہائشی اراضی ایکوائر کرتے ہوئے متعدد دکانیں، فلیٹس، بنگلے اور دیگر تعمیرات مسمار کر دی تھیں۔ تاہم منصوبہ مکمل ہونے کے کئی برس گزر جانے کے باوجود متاثرہ مالکان کو تاحال مناسب اور منصفانہ معاوضہ ادا نہیں کیا جا سکا۔ متاثرین کے مطابق حکومت کی جانب سے ابتدائی طور پر مقرر کیا گیا (بقیہ 50 صفحہ 3 پر)

جعفر آباد، یومِ استحصالِ کشمیر کے موقع پر کشمیری عوام سے اظہارِ یکجہتی کیلئے ریلی

جعفر آباد (خ ن) جعفر آباد: ڈپٹی کمشنر جعفر آباد خالد خان کی ہدایت پر یومِ استحصالِ کشمیر کے موقع پر کشمیری عوام سے اظہارِ یکجہتی کیلئے ریلی نکالی گئی، جس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر حضور بخش بلٹی، اسسٹنٹ کمشنر دھیرج کالرہ، چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن احمد نواز (بقیہ 52 صفحہ 3 پر)

یومِ استحصالِ کشمیر' کی مناسبت سے ضلع ہرنائی میں ایک باوقار اور پروقار سیمینار

ہرنائی (خ ن) یومِ استحصالِ کشمیر' کی مناسبت سے ضلع ہرنائی میں ایک باوقار اور پروقار سیمینار کا انعقاد کیا گیا، جس میں مقبوضہ جموں و کشمیر پر بھارتی تسلط، غصب شدہ حقوق اور نہتے کشمیریوں پر جاری مظالم کے خلاف شدید غم و (بقیہ 53 صفحہ 3 پر)

رکنی، 5 اگست یومِ استحصالِ کشمیر کے موقع پر ہیڈ مسٹریس سحر مبین کی زیرِ نگرانی ایک آگاہی مہم

بارکھان (خ ن) گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول گدائی رکنی میں 5 اگست یومِ استحصالِ کشمیر کے موقع پر ہیڈ مسٹریس سحر مبین کی زیرِ نگرانی ایک آگاہی مہم کا انعقاد کیا گیا، جس میں طالبات نے بھرپور شرکت کی۔ آگاہی سیشن کے دوران طالبات کو 5 اگست 2019 کے پس منظر، مقبوضہ جموں و کشمیر کی تاریخی و آئینی حیثیت، اور کشمیری عوام کے ساتھ پاکستان کی یکجہتی کے عزم سے آگاہ کیا گیا۔ اس موقع پر امن، انصاف، انسانی حقوق اور عالمی برادری کی ذمہ داری کے حوالے سے بھی تفصیلی گفتگو کی گئی

آئینِ پاکستان کے مطابق ہر شہری کے جان و مال کا تحفظ حکومت کی آئینی ذمہ داری ہے، عطاء اللہ لانگو

صدر بلوچستان ہائیکورٹ بار ایسوسی ایشن کا آسماء جتک کے والد اور ان کے دیگر رشتہ داروں کے پے در پے ہونے والے بہیمانہ قتل کی شدید الفاظ میں مذمت

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کے صدر میر عطاء اللہ لانگو سینئر نائب صدر جمیل بوستان، نائب صدر کوئٹہ زون عصمت اللہ اچکزئی، نائب صدر زوب زون موسیٰ جان کاکڑ، نائب صدر قلات زون واجہ اکرم بلوچ، جنرل سیکریٹری نجب الدین آغا، جوائنٹ سیکریٹری سمیرا عابد، فائنانس سیکریٹری آیاز خان کاکڑ، لائبریری سیکریٹری سنان ہوت، پریس سیکریٹری عبدالقادر کاکڑ نے آسماء جتک کے والد اور ان کے دیگر رشتہ داروں کے پے در پے (بقیہ 54 صفحہ 3 پر)

محکمہ صحت اور پی پی ایچ آئی بلوچستان کی نگرانی کا عمل مؤثر انداز میں جاری

گوادر (خ ن) وزیرِ اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے عوام دوست وژن کے مطابق دور دراز علاقوں کے عوام کو معیاری اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے محکمہ صحت اور پی پی ایچ آئی بلوچستان کی نگرانی کا عمل مؤثر انداز میں جاری ہے۔

مہنگائی اور معاشی بدحالی نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی، حافظ صدیق مدنی

روزگاری اور معاشی بدحالی نے عام شہری، مزدور، کسان اور متوسط طبقے کی زندگی شدید مشکلات سے دوچار کر دی ہے

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام چمن بلوچستان کے رہنماء حافظ محمد صدیق مدنی نے کہا ہے کہ ملک میں بڑھتی ہوئی مہنگائی، بجلی اور پیٹرولیم مصنوعات کی بلند قیمتوں، بے روزگاری اور معاشی بدحالی نے عام شہری، مزدور، کسان اور متوسط طبقے کی زندگی شدید مشکلات سے دوچار کر دی ہے۔ حکومت کی معاشی پالیسیوں کا اصل محور عوام کو ریلیف دینا اور ان کا معیارِ زندگی بہتر بنانا ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ بجلی، گیس، پیٹرول اور روزمرہ استعمال کی اشیاء کی قیمتوں میں مسلسل اضافے نے گھریلو (بقیہ 55 صفحہ 3 پر)

کرپشن کے خلاف احتجاج کیا جائے گا، پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی ضلع لورالائی

لورالائی (این این آئی) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی ضلع لورالائی کے ضلعی ایگزیکٹو اجلاس کے موقع پر ضلعی سیکرٹری مصطفیٰ کمال کاکڑ مرکزی سیکرٹری چیئرمین اللہ نور کاکڑ، صوبائی مالیات سیکرٹری چیئرمین سید اکبر کاکڑ (بقیہ 58 صفحہ 3 پر)

ڈیرہ اللہ یار پولیس نے پی ٹی آئی جعفر آباد کے ضلعی صدر کو ساتھیوں سمیت گرفتار کر لیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ اللہ یار پولیس نے پی ٹی آئی جعفر آباد کے ضلعی صدر کو ساتھیوں سمیت گرفتار کر لیا پولیس کے مطابق ڈیرہ اللہ یار پولیس نے ضلعی صدر پی ٹی آئی جعفر آباد ادام خان رند ایڈووکیٹ کو دیگر ساتھیوں سمیت گرفتار کر لیا گیا۔

قلات، یوم استحصال کشمیر کے موقع پر کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کیلئے ریلی

کشمیری عوام آج بھی بھارتی ظلم و جبر کے خلاف ڈٹے ہوئے ہیں

قلات (خ ن) ضلعی انتظامیہ کی جانب سے یوم استحصال کشمیر کے موقع پر کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کیلئے ریلی کا انعقاد کیا گیا ریلی شرکاء نے کشمیری بھائیوں کے حق میں اور ہندوستانی بربریت کیخلاف نعرے بازی کی ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر قلات شاہنواز بلوچ نے ریلی شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج کے دن بھارتی حکومت کی جانب سے مقبوضہ جموں و کشمیر (بقیہ 56 صفحہ 3 پر)

یومِ آزادی قومی اتحاد، یکجہتی اور حب الوطنی کے جذبے کو فروغ دینے کا اہم موقع ہے، منور حسین مگسی

باہمی تعاون اور مؤثر رابطے کے ذریعے تقریبات کو کامیاب بنایا جائے، ڈپٹی کمشنر قلعہ عبداللہ

قلعہ عبداللہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر قلعہ عبداللہ منور حسین مگسی کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر قلعہ عبداللہ میں جشنِ آزادی پاکستان کی تقریبات کی تیاریوں اور مون سون بارشوں کے ممکنہ اثرات سے نمٹنے کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر قلعہ عبداللہ سردار عبداللہ خان، ڈی سی سپرنٹنڈنٹ جعفر خان ترین، ڈی سی سپرنٹنڈنٹ محمد شفیق خان اور مختلف (بقیہ 57 صفحہ 3 پر)

دکی، اسسٹنٹ کمشنر تھل چوٹھیالی عبدالسلام شاہوانی و دیگر آفیسران یوم استحصال کشمیر کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

انسانی حقوق کے تقاضوں سے ہم آہنگ بنانے کیلئے اہم اختیارات ضلعی اور ڈویژنل انتظامیہ کو تفویض

معائنے کے دوران نشاندہی کی جانے والی خامیوں کے ازالے کیلئے فوری اقدامات کیے جائیں گے

کوئٹہ (خ ن) حکومت بلوچستان نے بلوچستان پریزنز اینڈ پریزنرز کریکشنل سروس ایکٹ، 2026 کے تحت صوبے کے جیل نظام کو مزید مؤثر، شفاف، جوابدہ اور انسانی حقوق کے تقاضوں سے ہم آہنگ بنانے کیلئے اہم اختیارات ضلعی اور ڈویژنل انتظامیہ کو تفویض کر دیے ہیں۔ اس سلسلے میں چیف انسپکٹر آف پریزنز و اسپیشل سیکرٹری داخلہ عبدالسلام خان اچکزئی کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق صوبے بھر کے کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کو انسپکٹنگ اتھارٹیز مقرر کر دیا گیا ہے نوٹیفکیشن کے تحت کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز اپنے متعلقہ اضلاع کی جیلوں اور دیگر حراستی (بقیہ 41 صفحہ 3 پر)

05 اگست کشمیری عوام کیلئے ایک دردناک دن کی یاد دلاتا ہے، نجیب اللہ

سوراب (خ ن) یومِ استحصالِ کشمیر کے موقع پر ڈپٹی کمشنر سوراب صاحبزادہ نجیب اللہ نے اپنے پیغام میں کہا کہ 05 اگست کشمیری عوام کیلئے ایک دردناک دن کی یاد دلاتا ہے، جب ان کے بنیادی حقوق پر مزید پابندیاں عائد کی گئیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور (بقیہ 40 صفحہ 3 پر)

سرکاری اسکولوں میں آگاہی پروگرام، سیمینارز، کوئز مقابلوں، ٹیبلوز اور تقریری مقابلوں کا انعقاد جاری

لسبیلہ (خ ن) کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء کی ہدایت پر تینوں اضلاع لسبیلہ، آواران حب میں 5 اگست "یومِ استحصالِ کشمیر کے موقع پر تعلیمی اداروں اور سرکاری دفاتر میں کشمیری عوام سے اظہارِ یکجہتی اور بھارتی مظالم اجاگر کرنے کیلئے خصوصی پروگرامز منعقد کئے جا رہے ہیں

یومِ استحصالِ کشمیر، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر خلیل احمد کی سربراہی میں ایک بھرپور یکجہتی ریلی

ریلی کے شرکاء نے ہاتھوں میں بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے، جن پر کشمیری عوام کے حق میں نعرے درج تھے

نصیر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد دوریندر لعل کے احکامات کی روشنی میں یومِ استحصالِ کشمیر کے موقع پر اسسٹنٹ کمشنر ڈیرہ مراد جمالی بہادر خان کھوسہ و ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر خلیل احمد کی سربراہی میں ایک بھرپور یکجہتی ریلی کا انعقاد کیا گیا ریلی میں مختلف ضلعی محکموں کے افسران اساتذہ کرام طلباء و طالبات سول سوسائٹی کے نمائندگان اور زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق (بقیہ 39 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، رکن صوبائی صوبائی حاجی میر زابد علی ریکی اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں

مولانا فضل الرحمٰن نے ہر نازک مرحلے پر قومی مفاد، اتحادِ امت، وفاقِ پاکستان کی مضبوطی اور آئینی جدوجہد کو ترجیح دی، صدیق مدنی

اپنی پوری زندگی دینِ اسلام کی سربلندی، آئینِ پاکستان کی بالادستی، جمہوری اقدار کے فروغ، پارلیمانی روایات کے استحکام اور عوامی حقوق کے تحفظ کے لیے وقف کر رکھی ہے۔ جمعیت چمن

چمن (نامہ نگار) جمعیت علماء اسلام چمن بلوچستان کے رہنماء اور سابق ممبر یوتھ پارلیمنٹ مولوی حافظ محمد صدیق مدنی نے کہا ہے کہ قائد جمعیت علماء اسلام پاکستان حضرت مولانا فضل الرحمٰن مدظلہ برصغیر کے ممتاز دینی و سیاسی رہنماؤں میں شمار ہوتے ہیں جنہوں نے اپنی پوری زندگی دینِ اسلام کی سربلندی، آئین (بقیہ 46 صفحہ 3 پر)

غیر جمہوری قوتوں نے پرامن احتجاج کو پرتشدد بنایا عمران خان کو جیل میں تین سال کا عرصہ گزر چکا ہے

بزورِ طاقت کسی کو جمہوری جدوجہد سے روکا نہیں جاسکتا جیل زندان سے تحریکیں ختم نہیں ہوتی

کوئٹہ (پ ر) آل پاکستان وکلاء ایکشن کمیٹی کے چیئرمین علی احمد کرد مرکزی انفارمیشن سیکرٹری ممبر بلوچستان بار کونسل راحب خان بلیدی نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں لاہور ایوان عدل کے سامنے ہزاروں وکلاء کا پی ٹی آئی کے چیئرمین عمران خان کے رہائی کیلئے مظاہرین پر پولیس کی جانب سے تشدد اور لاٹھی چارج کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ بوکھلاہٹ کا شکار حکمرانوں نے آج پورے ملک میں ہونے والے مظاہروں کو بزورِ طاقت روکنے کی (بقیہ 45 صفحہ 3 پر)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے وائس چانسلر بولان یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز ڈاکٹر شبیر لہڑی ملاقات کر رہے ہیں

کسی بھی دکاندار کے ساتھ ناانصافی یا امتیازی سلوک ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا، سعید الرحمٰن

ضلعی انتظامیہ بازار میں دکانوں کی کٹنگ کے معاملے پر مکمل شفافیت، میرٹ اور قانون کی بالادستی کو یقینی بنائے گی

بارکھان (خ ن) ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید الرحمٰن کاکڑ نے کہا ہے کہ ضلعی انتظامیہ بازار میں دکانوں کی کٹنگ کے معاملے پر مکمل شفافیت، میرٹ اور قانون کی بالادستی کو یقینی بنائے گی، جبکہ کسی بھی دکاندار کے ساتھ ناانصافی یا امتیازی سلوک ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے یہ بات انجمن تاجران رحیم آغا گروپ کے ضلعی صدر فرید اللہ کھیتران کی سربراہی میں دکاندار مالکان سے ملاقات کے دوران کہی، جس میں رکھنی بازار میں دکانوں کی کٹنگ سے متعلق امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

کیو۔ڈی۔اے میں پہلی خاتون ڈائریکٹر ٹاؤن پلاننگ و بلڈنگ کنٹرول کی تعیناتی

ڈائریکٹر تعلیمہ کاسی کی اہم عہدت پر تعیناتی سے عوامی، سیاسی حلقوں میں خوشی کی لہر، خیر مقدم

کوئٹہ (پ ر) کوئٹہ اور اطرافی علاقوں میں ترقی، خوبصورتی، اور شہری زندگی کو بہتر بنانے کے ذمہ دار ادارے کوئٹہ ڈویلپمنٹ اتھارٹی (کیو۔ڈی۔اے) میں پہلی خاتون ڈائریکٹر ٹاؤن پلاننگ و بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی کی تعیناتی عمل میں لائی گئی ہے۔ جس کا عوامی، سماجی (بقیہ 42 صفحہ 3 پر)

کشمیر کا مسئلہ ابھی تک حل طلب ہے

صادق عمرانی

5 اگست 2019ء کو بھارتی حکومت نے مقبوضہ جموں و کشمیر کی خصوصی آئینی حیثیت ختم کر کے غیر قانونی اقدام کیا تھا

پاکستان کے عوام شروع دن سے کشمیری بھائیوں کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت جاری رکھے ہوئے ہیں، صوبائی وزیر

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان کے سینئر صوبائی وزیر، پیپلز پارٹی کے سینٹرل کمیٹی کے رکن و پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیرِ آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے یوم استحصال کشمیر کے موقع پر کشمیری عوام سے بھرپور یکجہتی کا اظہار کیا ہے، اپنے ایک بیان میں صوبائی وزیر نے کہا کہ 5 اگست 2019ء کو بھارتی حکومت نے مقبوضہ جموں و کشمیر کی خصوصی آئینی حیثیت ختم کر کے غیر قانونی اقدام کیا تھا، انہوں نے کہا کہ 5 اگست 2019 کو (بقیہ 35 صفحہ 3 پر)

اوستہ محمد، یومِ استحصالِ کشمیر کے موقع پر ایک بھرپور یکجہتی ریلی

استاد محمد (خ ن) ڈپٹی کمشنر استاد محمد محمد رمضان پلال کے احکامات کی روشنی میں یوم استحصالِ کشمیر کے موقع پر ایک بھرپور یکجہتی ریلی نکالی گئی ریلی کی قیادت ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر استاد محمد محمد اسماعیل لاشاری اسسٹنٹ (بقیہ 43 صفحہ 3 پر)

امریکہ کے اشاروں پر کشمیر کا سودا کسی صورت قبول نہیں کیا جائے گا، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

مسئلہ کشمیر پر دوٹوک قومی مؤقف کے لیے اپنی جدوجہد بھرپور انداز میں جاری رکھے گی

کوئٹہ () جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمٰن رفیق اور سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس نے کہا ہے کہ امریکہ کے اشاروں پر کشمیر کا سودا کسی صورت قبول نہیں کیا جائے گا، کشمیری عوام آج ہر طرف ظلم، جبر اور کشت و خون کا شکار ہیں، جبکہ امتِ مسلمہ کی ذمہ داری ہے کہ وہ ان کی اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت جاری رکھے۔ دریں اثناء جمعیت علمائے اسلام (بقیہ 44 صفحہ 3 پر)

جمعیت ضلع کوئٹہ کے سالار مولانا علی جان مسلم اتحاد کالونی یونٹ کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

سوراب، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سلمان علی بلیدی کی قیادت میں شاندار یکجہتی ریلی

سوراب (خ ن) وزیرِ اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی اور ڈپٹی کمشنر سوراب صاحبزادہ نجیب اللہ کی ہدایت پر یوم استحصال کشمیر کے موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سلمان علی بلیدی کی قیادت میں شاندار یکجہتی ریلی نکالی گئی۔

گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول سوراب میں شاندار تقریب کا انعقاد

سوراب (خ ن) وزیرِ اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی اور ڈپٹی کمشنر سوراب صاحبزادہ نجیب اللہ کی ہدایت پر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (DEO) سوراب کی زیرِ قیادت یوم استحصال کشمیر کے موقع پر گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول سوراب میں ایک شاندار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔

اوستہ محمد، 5 اگست یوم استحصال کے موقع پر کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی ریلی

انشاء اللہ وہ دن دور نہیں جب کشمیری عوام کو حق خود ارادیت ملے گی مقررین

اوستا محمد (منظور احمد قمبرانی) 5 اگست یوم استحصال کے موقع پر کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی کے سلسلے میں جمالی اقوام کے تمندار سردار محمد ہارون خان جمالی اور صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی کی خصوصی ہدایت پر گوٹھ سردار رستم خان جمالی بکھڑہ سے پروقار ریلی نکالی ریلی میں سیاسی سماجی تنظیموں شہریوں اور مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی ریلی کے شرکاء سے پیپلز پارٹی نصیر آباد ڈویژن کے جنرل سیکریٹری نیاز (بقیہ 64 صفحہ 3 پر)

کشمیری عوام آج ہر طرف ظلم، جبر اور کشت و خون کا شکار ہیں، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

امریکہ کے اشاروں پر کشمیر کا سودا کسی صورت قبول نہیں کیا جائے گا

کوئٹہ () جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمٰن رفیق اور سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس نے کہا ہے کہ امریکہ کے اشاروں پر کشمیر کا سودا کسی صورت قبول نہیں کیا جائے گا، کشمیری عوام آج ہر طرف ظلم، جبر اور کشت و خون کا شکار ہیں، جبکہ امتِ مسلمہ کی ذمہ داری ہے کہ وہ ان کی اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت جاری رکھے۔ دریں اثناء جمعیت علمائے اسلام (بقیہ 65 صفحہ 3 پر)

مسئلہ کشمیر اقوام متحدہ کے ایجنڈے پر جو ایک تسلیم شدہ بین الاقوامی تنازعہ ہے، نسیم الرحمٰن

5 اگست یومِ استحصال کشمیری عوام کے ساتھ اظہارِ یکجہتی اور ان کے حقِ خودارادیت کی حمایت کے عزم کی تجدید کا دن ہے

یکطرفہ اقدامات نے بین الاقوامی قوانین، اقوام متحدہ کی متعلقہ قراردادوں اور عالمی اصولوں پر کئی سوالات کھڑے کیے، مشیر ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی نسیم الرحمٰن خان ملاخیل نے کہا ہے کہ 5 اگست یوم استحصال کشمیری عوام کے ساتھ اظہارِ یکجہتی اور ان کے حقِ خودارادیت کی حمایت کے عزم کی تجدید کا دن ہے۔ انہوں نے کہا کہ 5 اگست 2019 کو جموں و کشمیر کی خصوصی حیثیت سے متعلق کیے گئے یکطرفہ اقدامات نے بین الاقوامی قوانین، اقوام متحدہ کی متعلقہ قراردادوں اور عالمی اصولوں پر کئی سوالات کھڑے (بقیہ 36 صفحہ 3 پر)

گورنمنٹ گرلز ہائی سکینڈ ایئر اسکول ڈیرہ مراد جمالی میں یومِ استحصال کشمیر کی تقریب

یومِ استحصال کشمیر ہمیں کشمیری عوام کی قربانیوں اور جدوجہد کی یاد دلاتا ہے

بابا کوٹ (رپورٹ محمد یونس عمرانی) گورنمنٹ گرلز ہائی سکینڈ ایئر اسکول ڈیرہ مراد جمالی میں 5 اگست یوم استحصال کشمیر کے موقع پر ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں مقررین نے مقبوضہ جموں و کشمیر کے عوام سے یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے بھارت کی جانب سے 5 اگست 2019 کے اقدامات کی مذمت کی۔ اس موقع پر ڈی ڈی او ایجوکیشن چھتر جاوید (بقیہ 67 صفحہ 3 پر)

اوستا محمد۔ گوٹھ سردار رستم خان جمالی بکھڑہ سے یوم استحصال کشمیر کے حوالے سے ریلی نکالی گئی

صحبت پور، محترمہ فریدہ ترین کی قیادت میں پُروقار اور بامقصد آگاہی ریلی

کشمیری عوام گزشتہ کئی دہائیوں سے بھارتی تسلط اور مظالم کا سامنا کر رہے ہیں

صحبت پور (خ ن) یومِ استحصالِ کشمیر کے موقع پر ڈپٹی کمشنر صحبت پور محترمہ فریدہ ترین کی قیادت میں ایک پُروقار اور بامقصد آگاہی ریلی کا انعقاد کیا گیا اس ریلی کا مقصد مقبوضہ جموں و کشمیر کے مظلوم عوام کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرنا اور عالمی برادری کی توجہ بھارتی مظالم کی جانب مبذول کرانا تھا

ڈپٹی کمشنر چمن کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کا اہم اجلاس

ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ تمام منصوبے مقررہ معیار اور مقررہ مدت کے اندر مکمل کیے جائیں، حبیب احمد بنگلزئی

چمن (خ ن) ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی (DCC) کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع کے تمام سرکاری محکموں کے سربراہان اور متعلقہ اداروں کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران تمام محکموں کے افسران نے اپنے اپنے اداروں کی کارکردگی، جاری منصوبوں، درپیش مسائل اور آئندہ کے لائحہ عمل سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔ اجلاس میں BSDI فیز ٹو اور فیز تھری کے تحت ضلع بھر میں سرکاری اسکولوں، بنیادی مراکز صحت (BHUs)، سڑکوں اور دیگر ترقیاتی منصوبوں پر مکمل ہونے والے اور زیرِ تکمیل ترقیاتی کاموں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔

کوئٹہ، خضدار کی رہائشی اسماء جتک ویڈیو کا پیغام، والد کا قتل اور اس جڑے سابقہ واقعات کا معاملہ

صوبائی وزیر علی مدد جتک، اپوزیشن لیڈر یونس عزیز زہری نے اسمبلی میں واقعہ۔ کی نشاندہی کی تھی

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) اراکین اسمبلی کی نشاندہی پر اسپیکر کا آئی جی کو قانونی کارروائی کرنے، نامزد ملزمان کی گرفتاری اور شفاف تحقیقات کی ہدایت اسپیکر اسمبلی نے آئی جی پولیس سے جامع رپورٹ طلب کر لی اسپیکر اسمبلی نے آئی جی پولیس سے جامع رپورٹ 10 اگست تک طلب کر لی صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ سے آئی جی بلوچستان پولیس اسپیکر کی رولنگ اور (بقیہ 62 صفحہ 3 پر)

ژوب کے تیسرے روز پولیو مہم میں اب تک حاصل ہونے والے اہداف کا جائزہ لینے کیلئے اجلاس

تمام ٹیموں نے اپنا کام جاری رکھا۔ سیکورٹی کی تعیناتی بھی مناسب تھی

ژوب (بیورو چیف رفیق قیصرانی) ڈپٹی کمشنر ژوب کے زیرِ صدارت پولیو مہم کے تیسرے روز جائزہ اجلاس ڈپٹی کمشنر ژوب جناب محمد عارف زرکون نے قومی مہم برائے انسداد پولیو مہم ضلع ژوب کے تیسرے روز پولیو مہم میں اب تک حاصل ہونے والے اہداف کا جائزہ لینے کیلئے اجلاس منعقد کیا۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر ژوب محمد نوید عالم، ڈی ایچ او ژوب فرید احمد خان اور ڈبلیو ایچ او کے ڈویژنل اور ضلعی عہدیداران اور این سٹاف آفیسر بھی موجود تھے محکمہ صحت (بقیہ 63 صفحہ 3 پر)

ڈپٹی کمشنر ژوب کے زیرِ صدارت پولیو مہم کے تیسرے روز جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

یومِ استحصالِ کشمیر بھارتی ظلم، جبر اور غیر قانونی اقدامات کو دنیا کے سامنے بے نقاب کرنے کا دن ہے،